# الحزب الأعظم

تالیف

الامام المحدث علی القاری بن سلطان

محمد الہروی رحمۃ اللہ علیہ

تصحیح، ترتیب وتزئین

مفتی سعد عبدالرزاق

فاضل جامعہ فاروقیہ

متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

المیزاب پبلشرز

کراچی، پاکستان

# الحزب الاعظم

تالیف

الامام المحدث علی القاری بن سلطان

محمد الھروی رحمۃ اللہ علیہ


تصحیح، ترتیب وتزئین

**مفتی سعد عبدالرزاق**

فاضل جامعۃ فاروقیۃ

متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی



المیزاب پبلشرز

کراچی، پاکستان

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب کا نام ——— الحزب الاعظم

تاریخ اشاعت ——— اگست ۲۰۱۶ء

صفحات ——— ۲۰۸

تصحیح ترتیب وتزئین ——— مفتی سعد عبدالرزاق

باہتمام ——— نبیل احمد

ناشر

المیزاب پبلشرز
کراچی، پاکستان

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| ۱) | پیش لفظ | ۴ |
| ۲) | مقدمۃ المؤلف | ٦ |
| ۳) | آداب دعا | ۸ |
| ۴) | قبولیت دعا | ۹ |
| ۵) | پہلی منزل بروز ہفتہ | ۱۱ |
| ٦) | دوسری منزل بروز اتوار | ۵۴ |
| ۷) | تیسری منزل بروز پیر | ۷۳ |
| ۸) | چوتھی منزل بروز منگل | ۹٦ |
| ۹) | پانچویں منزل بروز بدھ | ۱۲۰ |
| ۱۰) | چھٹی منزل بروز جمعرات | ۱۴۵ |
| ۱۱) | ساتویں منزل بروز جمعہ | ۱۷۱ |
| ۱۲) | مراجع ومصادر | ۲۰۷ |

# عرض مؤلف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہیں جس نے اپنے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء اور اتباع کو دنیا اور آخرت میں کامیابی کے لئے شرط قرار دیا اور درود وسلام اور اللہ تعالیٰ کی تمام رحمتیں ہوں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل و اولاد پر ایسی رحمتیں جن کی کوئی انتہاء نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جن اعلیٰ کمالات سے نوازا ہے ان میں ایک بڑا کمال مقام عبدیت ہے، یہ مقام بہت ہی اعلیٰ اور ارفع مقام ہے اور بلاشبہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس صفت کے لحاظ سے بھی تمام مخلوق میں کامل اور مکمل ہیں۔

دعا عبدیت کا جوہر اور خاص مظہر ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہوئے بندے کا ظاہر و باطن عبدیت میں ڈوبا ہوا ہوتا ہے، اس لئے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احوال و اوصاف میں غالب ترین وصف اور حال دعا کا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے ہر وقت مانگا ہے، ہر چیز مانگی ہے اور خوب مانگی ہے اور اپنی امت کو بھی اسی کے در کا سوالی بننے کی تعلیم دی ہے اور ارشاد فرمایا:

وَاِذَا سَاَلْتَ فَاسْئَلِ اللّٰہَ وَاِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰہِ

جب تو سوال کرے تو اللہ تعالیٰ ہی سے سوال کر اور جب تو مدد مانگے تو اللہ تعالیٰ ہی سے مدد مانگ

قرآن وحدیث کی ادعیۂ ماثورہ اور بزرگوں کی مجرب دعائیں امت مسلمہ کے لئے مضبوط قلعے اور قیمتی وانمول خزانے ہیں اور انسان کی دنیوی اور اخروی ہر حاجت کا حل ان مبارک دعاؤں میں موجود ہے، ایک عرصہ سے بندہ کی آرزو تھی کہ

دعاؤں کے مشہور مجموعہ **الحزب الاعظم** کو مکمل تخریج اور اس مجموعہ میں موجود دعاؤں کے فضائل کے ساتھ شائع کیا جائے اور اس طور پر کام کیا جائے کہ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں ترقی اور دربار عالی میں قرب کا سبب بنے، لیکن اپنی بے بضاعتی کو دیکھتے ہوئے ہمت نہیں ہو پا رہی تھی بالآخر بندہ کے بڑے بھائی حافظ بلال صاحب کا مسلسل اصرار و ترغیب اور کچھ محبت کرنے والے دوستوں کی حوصلہ افزائی اور معاونت اس مبارک کام کے آغاز اور اب اس کی تکمیل کا سبب بنا، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ اس کاوش کو قبول فرمالیں اور ہم سب کے لئے اور تمام عالم کے لئے اسے نافع بنائے۔

اس موقع پر ناانصافی ہوگی کہ میں ان حضرات کا ذکر نہ کروں جنہوں نے قدم قدم پر بندہ کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی فرمائی، میرے برادر محترم حافظ بلال صاحب و مولانا امداد اللہ صاحب دامت برکاتہم جنہوں نے اس کتاب کی تیاری میں سرپرستی فرمائی، مولانا عمران داؤد صاحب جنہوں نے اس کتاب کی تیاری میں مجھے اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا، میرے عزیز دوست بھائی نبیل صاحب جنہوں نے کتاب کی اشاعت میں بھرپور کردار ادا کیا اور خصوصاً میرے والدین جن کی دعائیں ہر ہر قدم پر بندہ کے ساتھ ہیں، اللہ تعالیٰ ان حضرات کو بہترین جزائے خیر عطا فرمائے۔

آپ حضرات سے بھی گزارش ہے کہ بندہ کو اور ان تمام حضرات کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں خصوصاً میرے شیخ محترم واصف بھائی رحمۃ اللہ علیہ (اللہ ان کی قبر کو نور سے بھر دے آمین) اور استاد جی مولانا عطاء الرحمن صاحب شہید رحمۃ اللہ علیہ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں، اور اس کتاب کو اپنے معمولات میں شامل فرمائیں اگر کسی غلطی پر مطلع ہوں تو بندہ کو متنبہ فرمائیں یہ آپ کا بندہ پر احسان ہوگا۔

فقط والسلام

سعد عبدالرزاق

# مُقَدَّمَةُ الْمُؤَلِّفِ

امابعد! بندہ علی بن سلطان محمد قاری ستر اللہ عیوبھما عرض پرداز ہے کہ میں نے جب بعض سالکین طریقت کو دیکھا کہ وہ معتبر مشائخ کے اوراد اور علماء کرام کے وظائف بڑے ذوق وشوق کے ساتھ پڑھتے ہیں یہاں تک کے بعض تو دعاء سیفی اور اربعین اسمی کا بھی وردر کھتے ہیں۔ ادھر بعض عوام کو دیکھا کہ وہ دعاء قدح جیسی دعا پڑھا کرتے ہیں اور اس کی ایسی اسناد بیان کرتے ہیں جس کے موضوع اور مجروح ہونے میں ذرا بھی شبہ نہیں ہے تو میرے دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ جو دعائیں حدیث کی مشہور کتابوں میں مذکور ہیں وہ میں ایک جگہ جمع کردوں جیسے حصن حصین مؤلفہ امام جزریؒ اور الاذکار مؤلفہ امام نوویؒ اور الکلم الطیب اور الجامعین اور الدر جو علامہ سیوطیؒ کی تالیف کردہ ہیں اور القول البدیع مؤلفہ امام سخاویؒ۔ اور ان کی ترتیب یہ رکھوں کہ سب سے پہلے قرآن کریم کی دعائیں رکھوں اور سب سے اخیر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف کے کلمات رکھوں اور اپنے حق میں بھی دعاء خیر کا امیدوار ہوں کیونکہ خیر کی طرف رہنمائی کرنے والا خیر کا کام کرنے والے ہی کی طرح ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ میری اس کاشش کو قبول فرمائے اور میرا ارادہ نیک رکھے اور دعا وثناء کے اس مجموعہ کو لوگوں کی زبانوں پر ہمیشہ جاری رکھے اور باطل پرستوں اور بے دینوں کی تحریف سے اس کو دور رکھے اور اس کا نام میں نے الحزب الاعظم والورد الافخم اس لئے تجویز کیا ہے کیونکہ ان دعاؤوں کی نسبت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے لہٰذا آپ ان کے الفاظ کا خوب خیال رکھیں ان کے معانی پر پورا غور کریں اور ان کے مضامین پر عمل پیرا ہوں کیونکہ یہ مجموعہ ان تمام دعاؤوں پر مشتمل ہے جو آپ کو نجات دلانے والی ہیں اور مہلکات سے بچانے والی ہیں، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی عمدہ عادت اور اچھا طریقہ باقی نہیں چھوڑا جس کی دعا نہ فرمائی ہو اور کوئی برا کام اور بری خصلت ایسی باقی نہیں رکھی جس سے پناہ نہ مانگی ہو، اجمالی طور پر بھی اور تفصیلی طور پر بھی

اور پھر اس کی تعلیم اور تکمیل میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مراتب بلند سے بلند فرمائے پس اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اور صوفیاء کرام کے مقامات کا خلاصہ سمجھنا چاہئے، لہٰذا اگر آپ اس مجموعہ کو روز پڑھ لیا کریں تو کیا ہی کہنا، ورنہ ہر جمعہ کو، یہ نہ ہو سکے تو مہینے میں ایک بار، اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو سال میں ایک بار ورنہ عمر بھر میں ایک بار بھی پڑھ لیا تو غنیمت ہے اور اگر عرفات کے میدان میں آپ کو اس مجموعہ کے پڑھنے کا موقع مل جائے تو اس میں ان کلمات کا اضافہ کر لیں

سو مرتبہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

سو مرتبہ

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

سو مرتبہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

سو مرتبہ

استغفار

سو مرتبہ

درود شریف

اس کے علاوہ دوران دعا آہ وزاری اختیار کی جائے اس سے دعائیں قبول ہوتی ہیں اور دعاؤں کے درمیان تلبیہ بھی پڑھتے رہیں۔

# آداب دعا

احادیث مبارکہ میں دعا مانگنے کے مختلف آداب ذکر کئے گئے ہیں، دعا مانگتے ہوئے ان آداب کی رعایت کرنے سے ان شاء اللہ دعا ضرور قبول ہوگی۔

۱ عاجزی وانکساری، یعنی خشوع وخضوع کے ساتھ دعا مانگے۔

۲ دعاؤں میں اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار کرے اور ان گناہوں سے توبہ کرے کہ آئندہ ہرگز ایسا نہیں کروں گا۔

۳ اپنے نیک کاموں کا واسطہ دے کر دعا مانگے۔

۴ دعا مانگنے سے پہلے وضو کرے اور دو رکعت نفل نماز پڑھے۔

۵ قبلہ رخ ہو کر دعا مانگے۔

۶ دعا کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی تعریف کرے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے، پھر دعا کر کے اللہ تعالیٰ کی تعریف اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج کر دعا ختم کرے: یعنی دعا سے پہلے اور دعا کے بعد حمد وصلوٰۃ ہونا چاہیے۔

۷ دونوں ہاتھ کشادہ کر کے چہرے اور دنوں مونڈھوں کے مقابلے میں اٹھائے۔

۸ دعا سے فارغ ہونے کے بعد دونوں ہاتھوں کو چہرے پر پھیرے۔

۹ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کے ساتھ دعا مانگے۔

۱۰ دعا واستغفار تین تین مرتبہ دہرائے۔

۱۱ دعا مانگنے میں جلدی نہ کرے، جب تک قبول نہ ہو دعا مانگتا رہے اور یہ نہ کہے کہ اتنے دنوں سے دعا مانگ رہا ہوں قبول ہی نہیں ہوتی۔

۱۲ کسی گناہ کی (یعنی ایسی دعا جس میں کوئی حرام چیز یا حرام مال کا سوال ہو یا رشتہ

توڑنے کے لئے ہو) دعا نہ کرے کیوں کہ ایسی دعا قبول نہیں ہوتی۔

۱۳ دعا میں شرائط نہ لگائے یعنی یہ نہ کہے کہ اے اللہ! اگر تو چاہے تو یہ کام کردے۔

۱۴ اگر امام ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنے لئے اور تمام مقتدیوں کے لئے دعا کرے۔

۱۵ اپنی تمام حاجتیں اور ضرورتیں اللہ ہی سے مانگے

۱۶ دعا کو ''آمین'' حمد اور درود پر ختم کرے۔

## قبولیتِ دُعا کی شرائط

دعا کی قبولیت کے لئے بظاہر تو کوئی شرط نہیں، یہاں تک کہ مسلمان ہونا بھی قبولیت دعا کی شرط نہیں ہے، کافر کی دعا بھی اللہ تبارک وتعالیٰ قبول فرماتا ہے، یہاں تک کہ ابلیس کی دعا تا قیامت زندہ رہنے کی قبول ہوگئی۔ نہ ہی دعا کے لئے کوئی وقت خاص ہے اور نہ ہی طہارت اور باوضو ہونا شرط ہے، مگر احادیثِ صحیحہ میں بعض چیزوں کو دعا کی قبولیت کے لئے نافع قرار دیا گیا ہے دعا مانگتے ہوئے ان باتوں کا ضرور اہتمام کرنا چاہئے اور بعض چیزوں کو دعا کی قبولیت کے لئے مانع قرار دیا گیا ہے، ان چیزوں سے اجتناب لازمی ہے۔

۱ اللہ تعالیٰ پر ایمان کامل کا ہونا۔

۲ اخلاص کے ساتھ دعا مانگی جائے، یعنی صرف اللہ تبارک وتعالیٰ ہی کا خیال دل ودماغ اور زبان پر ہو، غیر کا خیال بالکل نہ ہو۔

۳ دعا مانگنے والے کا کھانا پینا، پہننا وغیرہ حلال و پاکیزہ کمائی کا ہو، اگر حرام کی آمیزش ہوئی تو دعا قبول نہیں ہوگی۔

۴ دعا مانگنے والا جھوٹ بولنے، مکر وفریب کرنے، قمار بازی، شراب نوشی، حسد، تکبر،

کینہ اور غیبت و چغلی وغیرہ جیسے گناہ کرنے سے بچے، کیونکہ یہ سب گناہ کبیرہ ہیں، قرآن و حدیث میں ان کی بڑی برائی بیان کی گئی ہے اور ان گناہوں کی نحوست دعا کی قبولیت میں مانع بنتی ہے۔

چونکہ انسان کمزور ہے، گناہ ہو جاتے ہیں، لہٰذا دعا مانگنے سے پہلے توبہ کرے، پھر دعا مانگے۔

## ۵ دعا کی قبولیت کے لئے ایک اہم شرط

''حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مرتبہ گھر تشریف لائے تو میں نے چہرہ انور پر ایک خاص اثر دیکھ کر محسوس کیا کہ کوئی اہم بات پیش آئی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی سے کچھ بات چیت نہیں فرمائی اور وضو فرما کر مسجد میں تشریف لے گئے، میں حجرہ کی دیوار سے لگ کر سننے کھڑی ہوگئی کہ کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے اور حمد و ثناء کے بعد ارشاد فرمایا:

لوگو! اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اچھائی کا حکم اور برائی سے منع کرتے رہو، مبادا وہ وقت آجائے کہ تم دعا مانگو اور قبول نہ ہو، تم سوال کرو اور سوال پورا نہ کیا جائے، تم اپنے دشمنوں کے خلاف مجھ سے مدد چاہو اور میں تمہاری مدد نہ کروں۔

یہ کلمات طیبات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمائے اور منبر سے نیچے تشریف لے آئے۔

# پہلی منزل بروز ہفتہ

۱ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

میں شیطان مردود (کے شر) سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں

۲ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۳ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

ہر تعریف اللہ کو زیبا ہے جو جہانوں کا پالنے والا ہے نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

روز جزا کا مالک ہے ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

ہمیں سیدھا راستہ دکھا ان (لوگوں) کا راستہ جن پر تو نے فضل فرمایا

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

اور نہ (دکھا) ان (لوگوں) کا (راستہ) جن پر غضب نازل ہوا اور

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ (اٰمِيْنَ)

نہ گمراہوں کا (آمین)

۳ الفاتحة قرآن پاک کی عظیم سورت اور ام القرآن ہے اس میں ہر بیماری سے شفاء ہے (شرح السنة ۱۵۴۱ ج۴ ص۴۴۶)

۴ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ اَنْ اَکُوْنَ مِنَ الْجٰھِلِیْنَ ۝

میں اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ جاہلوں میں سے ہو جاؤں

۵ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

اے ہمارے رب ہم سے ہمارے اعمال قبول فرما بے شک تو ہی سننے جاننے والا ہے

وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۝

اور ہماری توبہ قبول فرما بے شک تو ہی توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے

۶ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھی خوبی عطا فرما اور آخرت میں بھی خوبی عطا فرما

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا

۷ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا

اے ہمارے رب ہم پر صبر ڈال دے اور ہمارے پاؤں جما دے

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ۝

اور ہماری کافر قوم پر مدد فرما

۸ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ

اے ہمارے رب ہم نے سنا اور مانا اور تیری بخشش درکار ہے اور تیری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے

۴ البقرۃ ۶۷ ۵ البقرۃ ۱۲۸، ۱۲۷ قبولیت اعمال کے لئے حضرت ابراہیم وحضرت اسماعیل علیہما السلام کی دعا بخاری ۳۱۸۴ ص ۱۲۲۷ ۶ البقرۃ ۲۰۱ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے بخاری ۶۰۲۶ ص ۲۳۴۷ ۷ البقرۃ ۲۵۰ ۸ البقرۃ ۲۸۶، ۲۸۵ یہ وہ دعا ہے جس کے ہر ہر جملہ پر اللہ نے فرمایا میں نے قبول کیا مسلم ۲۰۰ ص ۷۵

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا

اے ہمارے رب اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں تو ہماری گرفت نہ فرمانا اور

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

اے ہمارے رب ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈال جیسا بوجھ تو نے ہم سے پہلی امتوں پر ڈالا تھا

مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ

اور اے ہمارے رب ہم پر اتنا بوجھ نہ ڈالنا جس کی ہم میں طاقت نہ ہو

وَاعْفُ عَنَّا ۥ وقفة وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وقفة وَارْحَمْنَا ۥ وقفة اَنْتَ

اور ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو ہی

مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

ہمارا مولیٰ ہے پس ہماری کافر قوم پر مدد فرما

۹ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ

اے ہمارے رب ہمارے دلوں کو ہدایت دینے کے بعد ڈانواڈول نہ کر دینا اور

لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا فرما بے شک تو بہت دینے والا ہے

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ

اے ہمارے رب بے شک تو لوگوں کو ایک دن جمع فرمانے والا ہے جس میں کچھ شبہ نہیں

۹ ال عمران ۹، ۸ ایمان پر استقامت اور طلب رحمت کی دعا

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

بے شک اللہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

۱۰ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

اے رب ہم ایمان لے آئے پس ہمارے گناہ بخش دے اور

عَذَابَ النَّارِ ۝

ہمیں عذاب دوزخ سے بچا

۱۱ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ

(اے مخاطب) کہو اے اللہ ملک کے مالک تو جسے چاہتا ہے ملک بخشتا ہے

تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ

اور جس سے چاہتا ہے ملک چھین لیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے

وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

اور جسے چاہتا ہے ذلت دیتا ہے تیرے ہاتھ میں ہر خوبی ہے بے شک تو

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ

ہر چیز پر قادر ہے رات کو دن کے اندر داخل فرماتا ہے اور دن کو

فِي الَّيْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ

رات کے اندر داخل فرماتا ہے اور زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ کو

۱۰ ال عمران ۱۶ متقی بندوں کی دعا جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے ۱۱ ال عمران ۲۷، ۲۶ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے اس نام سے اس سے دعا کی جائے تو وہ قبول فرمالیتا ہے (مجمع الزوائد ۱۷۲۶۳ ص ۱۴۱ ج ۱۰)

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

زندہ سے نکالتا ہے اور جسے چاہتا ہے بے شمار رزق دیتا ہے

۱۲ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ إِنَّكَ

اے رب مجھے اپنی طرف سے پاکیزہ اولاد عطا فرما بے شک تو

سَمِيعُ الدُّعَآءِ ۝

دعا کا سننے والا ہے

۱۳ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ

اے ہمارے رب ہم اس پر ایمان لے آئے جو تو نے اتارا اور پیغمبر کا اتباع کیا

فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

پس ہمیں گواہوں (ماننے والوں کی جماعت) میں لکھ لے

۱۴ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا

اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخش دے اور جو ہم سے ہمارے کاموں میں زیادتی ہوئی

وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اسے بھی معاف فرما دے اور ہمارے پاؤں جما دے اور کافر لوگوں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما

۱۵ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ

اے ہمارے رب تو نے اس (عالم) کو بیکار پیدا نہیں کیا تو پاک ہے

۱۲ ال عمران ۳۸ حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا ۱۳ ال عمران ۵۳ ۱۴ ال عمران ۱۴۷

۱۵ ال عمران ۱۹۴-۱۹۱ اہل عقل و دانش کی دعا جو کھڑے بیٹھے لیٹے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں

فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

پس ہمیں عذاب دوزخ سے بچا اے ہمارے رب تو نے جسے دوزخ میں ڈال دیا

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝

پس اس کو رسوا فرما دیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہوگا

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ

اے ہمارے رب ہم نے پکارنے والے کو سنا جو ایمان کی طرف بلا رہا تھا

اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ، لہٰذا ہم ایمان لے آئے پس اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخش دے

وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا

اور ہماری خطاؤں کو معاف فرما دے اور ہمیں نیکوں کے ساتھ وفات عطا فرمانا

وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا

اور اے ہمارے رب جس کا تو نے ہم سے اپنے رسولوں کی معرفت وعدہ فرمایا ہے وہ ہمیں عطا فرما

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا بے شک تو وعدہ کا خلاف نہیں کیا کرتا

۱۶ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا

اے ہمارے رب ہمیں اس بستی سے نکال دے جس کے باشندے ظالم ہیں

۱۶ النساء ۷۵ مکہ مکرمہ کے کمزور لوگوں نے ظالموں سے نجات کی دعا کی تھی جو اللہ رب العزت نے قبول فرمائی

(تفسیر ابن کثیر ص ۱۵۹ ج ۴)

وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ

اور ہمارے لئے اپنے پاس سے کوئی حمایتی پیدا فرما اور ہمارے لئے اپنے

لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝

پاس سے کوئی مددگار کر دے

۱۷ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ

اے ہمارے رب ہم پر آسمانوں سے ایک خوان اتار کہ وہ

لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا

ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لئے عید اور تیری طرف سے نشانی بنے اور ہمیں روزی دے

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

اور تو بہترین روزی دینے والا ہے

۱۸ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ وَنَطْمَعُ

اے ہمارے رب ہم ایمان لے آئے لہٰذا ہمیں گواہوں (تصدیق کرنے والوں) کے ساتھ لکھ دے

اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ۝

اور ہمیں توقع ہے کہ ہمارا رب ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ داخل فرمائے گا

۱۹ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اے ہمارے رب ہمیں ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ فرمانا

۱۷ المائدۃ ۱۱۴ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی فرمائش پر عیسیٰ علیہ السلام نے اس طرح دعا فرمائی
۱۸ المائدۃ ۸۳،۸۴ ۱۹ الاعراف ۴۷ مقام اعراف پر موجود لوگ (جن کی نیکیاں اور گناہ برابر ہوں گے) وہ
جنتیوں کو سلام پیش کریں گے اور جہنمیوں کو دیکھ کر اللہ سے ان الفاظ کے ساتھ جہنمیوں سے پناہ مانگیں گے

۲۰ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

تو ہی ہمارا کارساز ہے، پس ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو بہترین

الْغٰفِرِيْنَ ۝ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً

بخشنے والا ہے اور ہمارے لئے اس دنیا میں بھی خوبی تحریر فرما دے

وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَا اِلَيْكَ ۝

اور آخرت میں بھی بے شک ہم نے تیری طرف رجوع کیا

۲۱ رَبَّنَا اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا

اے ہمارے رب جو ہم چھپائیں اور جو ظاہر کریں اسے تو جانتا ہے

يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ

اور کوئی چیز زمین میں اور آسمان میں اللہ پر چھپی نہیں

۲۲ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا

اے ہمارے رب ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں نہ بخشے گا

وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

اور رحم نہ فرمائے گا تو ہم یقیناً خسارے والوں میں سے ہو جائیں گے

۲۳ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ

اے ہمارے رب ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ فرما

۲۰ الاعراف ۱۵۶، ۱۵۵ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ۲۱ ابراھیم ۳۸ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا

۲۲ الاعراف ۲۳ حضرت آدم و حوا علیہما السلام کی دعا ۲۳ اعراف ۸۹ حضرت شعیب علیہ السلام کی دعا

وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ۝

اور تو بہترین فیصلہ فرمانے والا ہے

۲۴ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ

اے ہمارے رب ہم پر صبر ڈال اور ہمیں اسلام پر موت دے

۲۵ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ

اے رب مجھے اور میرے بھائی کو بخش دے اور ہمیں اپنی رحمت میں لے لے

وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اور تو سب سے زیادہ رحم والا ہے

۲۶ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ

اللہ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا اے ہمارے رب ہمیں ظالم لوگوں کے لئے تختۂ مشق

الظّٰلِمِيْنَ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ

نہ بنا اور ہمیں اپنی رحمت سے کافر قوم سے نجات دے

۲۷ رَبِّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْئَلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ

اے رب میں اس بات سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ تجھ سے ایسی درخواست کروں جس کا مجھے علم

عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ

نہیں اور اگر تو مجھے نہیں بخشے گا اور مجھ پر رحم نہیں فرمائے گا تو میں خسارے والوں میں سے بن جاؤں گا

۲۴ اعراف ۱۲۶ فرعون کے جادوگروں نے ایمان لانے کے بعد فرعون کے ظلم پر صبر کے لئے ان الفاظ سے دعا مانگی ۲۵ اعراف ۱۵۱ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ۲۶ یونس ۸۵ موسیٰ علیہ السلام کی امت کے فرمانبردار لوگوں کی دعا ۲۷ ھود ۴۷ حضرت نوح علیہ السلام کی دعا

۲۸ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا

اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو ہی دنیا اور آخرت میں

وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝

میرا کارساز ہے مجھے اسلام پر موت دینا اور مجھے نیکوکاروں میں شامل فرمانا

۲۹ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ

بے شک میرا پروردگار دعا ضرور سنتا ہے اے رب مجھے اور میری اولاد کو

الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ

نماز کا قائم کرنے والا بنا اور اے ہمارے رب میری دعا قبول فرما

رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ

اے ہمارے رب مجھے اور میرے ماں باپ کو اور سب مومنین کو اس دن بخش دینا

يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

جس دن حساب قائم ہو

۳۰ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا

اے رب میرے والدین پر رحم فرما جیسا کہ انہوں نے مجھے بچپن میں پالا تھا

۳۱ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ

اے رب مجھے داخل فرما سچا داخل کرنا اور مجھے نکال سچا نکالنا

۲۸ یوسف ۱۰۱ حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا ۲۹ ابراھیم ۳۹-۴۱ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا

۳۰ بنی اسرائیل ۲۴ اللہ تعالی نے والدین کے لئے ان الفاظ میں دعا مانگنے کا حکم دیا ہے

۳۱ بنی اسرائیل ۸۰ ہجرت مدینہ کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا سکھلائی گئی

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝

اور میرے لئے اپنے پاس سے غلبہ وسلطنت عطا فرما جس میں تیری مدد ہو

۳۲ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا

اے ہمارے رب ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر اور ہمارے لئے

مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝

ہمارے کام کی درستی مہیا فرما

۳۳ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝

اے رب میرا سینہ کھول دے اور میرا کام آسان فرما

۳۴ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

اے رب میرے علم میں اضافہ فرما

۳۵ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

اے رب مجھ پر تکلیف آپڑی ہے اور تو سب سے زیادہ رحیم ہے

۳۶ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں ہی ظالم تھا

۳۷ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝

اے میرے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے

۳۲ کہف ۱۰ اصحاب کہف کی دعا ۳۳ طٰہ ۲۵،۲۶ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ۳۴ طٰہ ۱۱۴ علم میں ترقی کے لئے دعا ۳۵ الانبیاء ۸۳ حضرت ایوب علیہ السلام کی بیماری سے شفایابی کے لئے دعا ۳۶ الانبیاء ۸۷ مچھلی کے پیٹ میں حضرت یونس علیہ السلام کی دعا ۳۷ الانبیاء ۸۹ حضرت زکریا علیہ السلام کی حصول اولاد کے لئے دعا

۳۸ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ

اے رب انصاف کا فیصلہ فرما اور ہمارا رب رحمٰن ہے

الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ○

جس سے تمہاری باتوں پر مدد چاہی جاتی ہے

۳۹ رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ

اے رب مجھے اتار برکت کا اتارنا اور تو بہترین اتارنے والا ہے

۴۰ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○

پس اے رب مجھے ظالم قوم میں شامل نہ کر دینا

۴۱ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ○

اے رب میں تیری پناہ لیتا ہوں شیطانوں کی چھیڑ سے

وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○

اور اے رب تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ وہ میرے پاس آویں

۴۲ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ

اے رب ہم ایمان لے آئے پس ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

اور تو بہترین رحم فرمانے والا ہے

۳۸ الانبیاء ۱۱۲ آپ صلی اللہ علیہ وسلم غزوات میں یہ دعا فرمایا کرتے تھے (تفسیر ابن کثیر ص ۴۶۲ ج ۹)
۳۹ المؤمنون ۲۹ سواری سے اترنے کی دعا ۴۰ المؤمنون ۹۴ دشمنان دین پر عذاب الٰہی کی صورت میں خود محفوظ رہنے کے لئے دعا ۴۱ المؤمنون ۹۸، ۹۷ شیاطین اور ان کے وساوس سے حفاظت کی دعا ۴۲ المؤمنون ۱۰۹

۴۳ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

اے رب بخش دے اور رحم فرما تو بہترین رحم کرنے والا ہے

۴۴ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا

اے ہمارے رب ہم سے جہنم کے عذاب کو ہٹا بے شک اس کا عذاب

كَانَ غَرَامًا ۝ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

چمٹنے والا ہے بے شک وہ بہت ہی بری جگہ اور مقام ہے

۴۵ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ

اے ہمارے رب ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی

اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیز گاروں کا پیشوا بنا

۴۶ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝

اے رب مجھے حکومت عطا فرما اور مجھے نیکوں کے ساتھ شامل فرما

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ وَاجْعَلْنِيْ

اور میرا ذکر خیر پچھلوں میں تجویز فرما اور مجھے

مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ

جنت النعیم کا وارث بنا اور میرے باپ کو بخش دے

۴۳ المؤمنون ۱۱۸ ۴۴ الفرقان ۶۵، ۶۶ ۴۵ الفرقان ۷۴

۴۶ الشعراء ۸۳-۸۹ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا

مِنَ الضَّآلِّيْنَ ۝ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝

واقعی وہ گمراہ تھا اور مجھے قبروں سے اٹھائے جانے کے دن رسوا نہ فرمانا

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ

جبکہ مال اور اولاد فائدہ نہ پہنچا سکیں گے بجز اس کے جو اللہ کے پاس

بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝

بے عیب دل لے کر آیا

۴۷ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝

اے رب مجھے اور میرے گھر والوں کو ان لوگوں کے اعمال سے بچا

۴۸ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ

اے رب میری قوم نے مجھے جھٹلایا پس میرے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما

فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

اور مجھے اور مومنین کو جو میرے ساتھ ہیں بچا لے

۴۹ رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ

اے رب مجھے توفیق دے کہ تیری نعمت کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر

عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ

اور میرے ماں باپ پر کی ہے اور یہ کہ نیک کام کروں جس سے تو راضی ہو

۴۷ الشعراء ۱۶۹ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ۴۸ الشعراء ۱۱۸، ۱۱۷ حضرت نوح علیہ السلام کی اپنی قوم کو بددعا

۴۹ النمل ۱۹ حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا

وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ۝

اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما

٥٠ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ

اے رب میں نے اپنی جان پر ظلم کیا پس مجھے بخش دے

٥١ رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝

اے رب مجھے ظالم لوگوں سے بچالے

٥٢ رَبِّ اِنِّیْ لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۝

اے رب جو اچھی چیز بھی تو میری طرف اتارے میں اس کا محتاج ہوں

٥٣ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ۝

اے رب مفسد لوگوں کے مقابلہ پر میری مدد فرما

٥٤ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ

پس اللہ کی پاکی (ظاہر کیا کرو) جبکہ شام ہوا کرے اور جبکہ صبح ہو

وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا

اور اسی کی حمد ہے آسمانوں اور زمین میں اور شب کے وقت

وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ ۝ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ

اور دوپہر کو زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے

٥٠ القصص ١٦ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا استغفار ٥١ القصص ٢١ فرعون وفرعونیوں سے نجات کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ٥٢ القصص ٢٤ طلب خیر کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ٥٣ العنکبوت ٣٠ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ٥٤ الروم ١٩-١٧ صبح و شام کے معمولات کی تلافی کے لئے دعا (ابوداؤد ٥٠٧٦ ص ٥٤٧)

وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ

اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے

بَعْدَ مَوْتِهَا ط وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝

اور اسی طرح تم (بھی قبروں سے) نکالے جاؤ گے

۵۵ رَبِّ هَبْ لِىْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

اے رب مجھے نیک (بیٹا) عطا فرما

۵۶ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ

غائب اور حاضر کے جاننے والے، تو ہی اپنے بندوں کے درمیان ان باتوں کا

فِىْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

فیصلہ فرمائے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے

۵۷ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَىْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ

اے ہمارے رب ہر چیز کو تیری رحمت اور علم حاوی ہے پس جنہوں نے توبہ کی

لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ

اور تیرے راستہ کا اتباع کیا انہیں بخش دے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا

۵۵ الصافات ۱۰۰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ۵۶ الزمر ۴۶ ۵۷ المؤمن ۷ حاملین عرش کا مومنین کے لئے استغفار اور دعا

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ۣ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ

اور اے ہمارے رب ان کو دائمی باغات میں داخل فرما جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے

وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

اور ان سب کو جوان کے باپ دادا اور ان کی بیویوں اور اولاد میں سے صالح ہوں

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ

بے شک تو عزت اور حکمت والا ہے اور ان سب کو بری حالتوں سے بچا

وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَذٰلِكَ

اور جسے بھی تو اس دن بری حالتوں سے بچالے گا تو اس پر تو نے بڑا اکرم فرمایا

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

اور یہی بڑی کامیابی ہے

٥٨ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ

اے رب مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر

عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ

اور میرے والدین پر کی اور یہ کہ میں ایسا نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو اور میرے لئے

لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

میری اولاد میں اصلاح فرما دے میں نے رجوع کیا تیری طرف اور بیشک میں مسلمان ہوں

٥٨ الاحقاف ١٥ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ یہ آیت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی انہوں نے یہ دعا کی جو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں نقل فرمائی اور اس طرح قبول فرمائی کہ ان کے والدین بھائی اور اولاد سب مسلمان ہو گئے، حضرت ابومعشر نے حضرت طلحہ بن مصرف سے اپنے بیٹے کی نافرمانی کی شکایت کی تو انہوں نے فرمایا کہ اس آیت کے ذریعے مدد حاصل کرو (الدر المنثور ص ٣٢٦،٣٢٥ ج ١٣)

۵۹ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

اے ہمارے رب ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے بخش دے

بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ

اور ہمارے دلوں میں ان کے متعلق جو ایمان لائے کینہ نہ کر

اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

اے ہمارے رب بے شک تو بڑی شفقت ورحمت والا ہے

۶۰ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ

اے ہمارے رب ہم نے تجھ ہی پر بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف جھکے اور تیری

الْمَصِيْرُ ۝ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ہی طرف لوٹ کر جانا ہے اے ہمارے رب ہمیں کافروں کا تختۂ مشق نہ بنا

وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

اور ہمیں بخش دے اے ہمارے رب بے شک تو غلبہ وحکمت والا ہے

۶۱ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ

اے ہمارے رب ہمارے لئے ہمارا نور پورا فرما اور ہمیں بخش دے

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے

۵۹ الحشر ۱۰ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام صحابہ رضوان اللہ علیہم اور فوت شدہ مومنین کے حق میں مغفرت کی دعا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مسلمانوں کو حکم ہے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے حق میں دعا کریں اور اب لوگ اس کے برخلاف انہیں برا بھلا کہتے ہیں (الدر المنثور ص ۳۸۴ ج ۱۴) ۶۰ الممتحنة ۴،۵ ۶۱ التحریم ۸

۶۲ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ

اے رب مجھے اور میرے والدین کو بخش دے اور ہر اس شخص کو بخش دے جو میرے

مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

گھر میں مومن بن کر آ گیا نیز سب مومن مردوں اور عورتوں کو بخش دے

۶۳ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝

(اے مخاطب) کہہ دے میں صبح کی سفیدی کے رب کی پناہ مانگتا ہوں ہر مخلوق کے شر سے

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

اور تاریکی کے شر سے جبکہ وہ پھیل جائے اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے

فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

شر سے اور حسد کرنے والے کے شر سے جبکہ وہ حسد کرے

۶۴ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ

کہہ دے میں پناہ مانگتا ہوں انسانوں کے رب کی لوگوں کے بادشاہ کی

۶۲ النوح ۲۸ حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ۶۳ الفلق ۶۴ الناس حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم صبح وشام سورۃ الاخلاص (قل ھو اللہ احد) سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین تین مرتبہ پڑھ لیا کرو ہر شر سے محفوظ رہو گے (ابو داؤد ۵۰۸۲ ص ۵۴۸)

النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ

آدمیوں کے معبود کی وسوسہ ڈالنے والے چھپ جانے والے کے شر سے

یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

جو کہ لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالے خواہ جن ہو یا انسان

٦٥ سُبْحٰنَكَ اللّٰھُمَّ وَتَحِیَّتُھُمْ فِیْھَا سَلٰمٌ

تو پاک ہے اے اللہ اور ان کا تحفہ جنت میں سلام ہوگا اور ان کی

وَاٰخِرُ دَعْوٰھُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

اخیر گفتگو یہ ہوگی کہ سب حمد و ثنا اللہ کے لئے ہے جو رب ہے تمام جہانوں کا

٦٦ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اللہ تعالیٰ کے اچھے اچھے نام ہیں تم اس کو انہی ناموں سے پکارو

٦٧ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک

لِلّٰهِ تَعَالٰى تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ اِسْمًا مَنْ اَحْصٰهَا دَخَلَ

اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو ان کو یاد کرلے وہ جنت میں جائے گا

الْجَنَّةَ وَفِیْ رِوَایَةٍ مَنْ حَفِظَهَا

اور ایک روایت میں من احصھا کی بجائے من حفظھا ہے

٦٥ یونس ١٠ ٦٦ الاعراف ١٨٠ ٦٧ الترمذی رقم الحدیث ٣٥٠٧ ص ٥٥٢

## هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہی ہے اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلرَّحْمٰنُ | اَلرَّحِيْمُ | اَلْمَلِكُ | اَلْقُدُّوْسُ |
| بڑا مہربان | نہایت رحم والا | بادشاہ | پاک ذات |
| اَلسَّلٰمُ | اَلْمُؤْمِنُ | اَلْمُهَيْمِنُ | اَلْعَزِيْزُ |
| سلامتی والا | امان بخشنے والا | نگہبان | غلبہ والا |
| اَلْجَبَّارُ | اَلْمُتَكَبِّرُ | اَلْخَالِقُ | اَلْبَارِئُ |
| زبردست | بڑائی کا مستحق | پیدا کرنے والا | بنانے والا |
| اَلْمُصَوِّرُ | اَلْغَفَّارُ | اَلْقَهَّارُ | اَلْوَهَّابُ |
| صورت عطا کرنے والا | بخشنے والا | غالب | بہت دینے والا |
| اَلرَّزَّاقُ | اَلْفَتَّاحُ | اَلْعَلِيْمُ | اَلْقَابِضُ |
| روزی دینے والا | کھولنے والا | کامل علم والا | بند کرنے والا |
| اَلْبَاسِطُ | اَلْخَافِضُ | اَلرَّافِعُ | اَلْمُعِزُّ |
| کشادگی بخشنے والا | پست کرنے والا | بلند کرنے والا | عزت بخشنے والا |
| اَلْمُذِلُّ | اَلسَّمِيْعُ | اَلْبَصِيْرُ | اَلْحَكَمُ |
| ذلت دینے والا | سننے والا | دیکھنے والا | فیصلہ کرنے والا |
| اَلْعَدْلُ | اَللَّطِيْفُ | اَلْخَبِيْرُ | اَلْحَلِيْمُ |
| منصف | لطف والا | باخبر | بردبار |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْعَظِيْمُ | اَلْغَفُوْرُ | اَلشَّكُوْرُ | اَلْعَلِيُّ |
| عظمت والا | مغفرت والا | قدردان | برتر |
| اَلْكَبِيْرُ | اَلْحَفِيْظُ | اَلْمُقِيْتُ | اَلْحَسِيْبُ |
| بڑا | محافظ | اقتدار والا | کافی |
| اَلْجَلِيْلُ | اَلْكَرِيْمُ | اَلرَّقِيْبُ | اَلْمُجِيْبُ |
| بزرگ | کرم کرنے والا | نگران | قبولیت والا |
| اَلْوَاسِعُ | اَلْحَكِيْمُ | اَلْوَدُوْدُ | اَلْمَجِيْدُ |
| وسعت والا | حکمت والا | بڑی محبت والا | بڑی شان والا |
| اَلْبَاعِثُ | اَلشَّهِيْدُ | اَلْحَقُّ | اَلْوَكِيْلُ |
| اٹھانے والا | موجود | برحق | کارساز |
| اَلْقَوِيُّ | اَلْمَتِيْنُ | اَلْوَلِيُّ | اَلْحَمِيْدُ |
| قوی | مضبوط | دوست | حمد کا مستحق |
| اَلْمُحْصِيْ | اَلْمُبْدِئُ | اَلْمُعِيْدُ | اَلْمُحْيِيْ |
| گھیرنے والا | نیا پیدا کرنے والا | لوٹانے والا | حیات دینے والا |
| اَلْمُمِيْتُ | اَلْحَيُّ | اَلْقَيُّوْمُ | اَلْوَاجِدُ |
| موت دینے والا | حیات والا | تھامنے والا | ہر کمال بالفعل رکھنے والا |
| اَلْمَاجِدُ | اَلْوَاحِدُ | اَلْاَحَدُ | اَلصَّمَدُ |
| عظمت والا | یکتا | یگانہ | بے نیاز |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْقَادِرُ | اَلْمُقْتَدِرُ | اَلْمُقَدِّمُ | اَلْمُؤَخِّرُ |
| قدرت والا | اقتدار والا | آگے بڑھانے والا | پیچھے ہٹانے والا |
| اَلْاَوَّلُ | اَلْاٰخِرُ | اَلظَّاهِرُ | اَلْبَاطِنُ |
| اول | آخر | کھلا ہوا | پوشیدہ |
| اَلْوَالِیُ | اَلْمُتَعَالِیُ | اَلْبَرُّ | اَلتَّوَّابُ |
| ہر چیز کا ذمہ دار | بہت بلند | نیک سلوک کرنے والا | توبہ قبول کرنے والا |
| اَلْمُنْعِمُ | اَلْمُنْتَقِمُ | اَلْعَفُوُّ | اَلرَّءُوْفُ |
| نعمت دینے والا | انتقام لینے والا | معاف کرنے والا | نہایت شفیق |

مَالِكُ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ

ملک کا مالک — بزرگی اور انعام والا

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلرَّبُّ | اَلْمُقْسِطُ | اَلْجَامِعُ | اَلْغَنِیُّ |
| پالنے والا | انصاف کرنے والا | اکٹھا کرنے والا | بے پرواہ |
| اَلْمُغْنِیُ | اَلْمُعْطِیُّ | اَلْمَانِعُ | اَلضَّارُّ |
| غنی بنانے والا | عطا کرنے والا | باز رکھنے والا | ضرر کا مالک |
| اَلنَّافِعُ | اَلنُّوْرُ | اَلْهَادِیُ | اَلْبَدِیْعُ |
| نفع کا مالک | نور | ہدایت بخشنے والا | موجد |
| اَلْبَاقِیُ | اَلْوَارِثُ | اَلرَّشِیْدُ | اَلصَّبُوْرُ |
| ہمیشہ رہنے والا | وارث | نیک راہ بتانے والا | تحمل والا |

٦٨ وَاسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ الَّذِیْ اِذَا دُعِیَ بِهٖ

اور اللہ کا وہ اسم اعظم جس کے واسطہ سے جب دعا مانگی جائے تو قبول کرے

اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اور جب اس کے وسیلہ سے مانگا جائے تو عطا فرمائے کوئی معبود نہیں بجز تیرے

سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○

تو پاک ہے بے شک میں ہی گناہ گار ہوں

٦٩ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ

الٰہی میں تجھ سے اس بناء پر مانگتا ہوں کہ میں گواہی دیتا ہوں بے شک تو ہی

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ

اللہ ہے سوائے تیرے کوئی معبود نہیں یکتا بے نیاز ہے جس سے نہ کوئی پیدا ہوا

وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور اس کا کوئی ہمسر نہیں

٧٠ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ

الٰہی میں تجھ سے اس بناء پر مانگتا ہوں کہ تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے علاوہ

اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ

کوئی معبود نہیں تو یگانہ ہے تیرا کوئی شریک نہیں نہایت شفقت و احسان فرمانے والا ہے

٦٨ المستدرک ر ۱۸٦۵ ص ٦۸۵ ج ۱ ٦٩ الترمذی ر ۳۴۷۵ ص ۵۴۸ ٧٠ ابن حبان باب الادعیة ر ۸۹۳ ص ۱۷۵ ج ۳، کنز العمال فصل فی اسم اللہ الاعظم ر ۱۹۵ ص ۴۵۳ ج ۱

بَدِيعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ يَاذَا الْجَلَالِ

آسمانوں اور زمین کا موجد ہے اے صاحب جلال و بزرگی

وَالْاِكْرَامِ يَاحَيُّ يَاقَيُّومُ

اے حی اے قیوم

۷۱ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ٥

اے ارحم الراحمین

۷۲ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَلِيِّ الْاَعْلَى الْوَهَّابِ

پاک ہے میرا رب بلند برتر مرتبہ اور بخشش والا

۷۳ اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں اللہ کے کلمات تامہ کی پناہ لیتا ہوں تمام مخلوق کے شر سے

۷۴ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي

شروع اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی

الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ٥

زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہی سننے جاننے والا ہے

۷۵ اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

ہم نے صبح کی اور سارے ملک نے صبح کی اللہ کے لئے اور شکر ہے اللہ کا

۷۱ المستدرک ر ۱۹۹۶،۱۹۹۵ ص ۷۲۸ ج ۱ ۷۲ المستدرک ر ۱۸۳۵ ص ۶۷۶ ج ۱
۷۳ الترمذی ر ۳۴۳۷ ص ۵۴۳ ۷۴ الترمذی ر ۳۳۸۸ ص ۵۳۶ ۷۵ مسلم کتاب الذکر والدعاء ر ۲۷۲۳ ص ۱۰۹۰۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا ہے جس کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے

وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ رَبِّ اَسْئَلُكَ

اور اسی کے لئے حمد ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اے رب میں تجھ سے

خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ وَاَعُوْذُبِكَ

آج کے دن کی بھلائی اور بعد کے دنوں کی بھلائی مانگتا ہوں اور آج کے

مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ رَبِّ

شر سے اور آج کے بعد کے شر سے پناہ چاہتا ہوں

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْٓءِ الْكِبَرِ رَبِّ

اے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں کاہلی اور برے بڑھاپے سے

اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ

اے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں دوزخ کے عذاب اور قبر کے عذاب سے

٧٦ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے موجد

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهٗ اَشْهَدُ

غائب وحاضر کے جاننے والے ہر چیز کے پروردگار اور مالک میں شہادت دیتا ہوں

٧٦ مذکورہ دعا شرکہ تک ابوداؤد، ر ٥٠٦٧ ص ٧ ٥٤ اور الترمذی ر ٣٣٩٢ ص ٥٣٦ میں موجود ہے جبکہ مکمل دعا اقترف سے اخیر تک سمیت مسند احمد ص ٢٤٢ ج ١ پر مذکور ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو صبح شام اور رات میں اس دعا کے پڑھنے کا حکم فرمایا۔

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَعُوْذُ بِكَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں میں تیری

مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ وَاَنْ

پناہ لیتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے اور اس کے شریک کے شر سے

اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءً اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ

اور اس سے کہ اپنے نفس پر گناہ کا ارتکاب کروں یا اس کو کسی مسلمان کی طرف منسوب کروں

۷۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ

الٰہی میں نے اس حال میں صبح کی کہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرے عرش کے

عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ لَآ اِلٰهَ

حاملین کو اور تیرے فرشتوں کو اور تیری ساری مخلوق کو گواہ بناتا ہوں اس پر کہ تیرے

اِلَّآ اَنْتَ وَاَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

سوا کوئی معبود نہیں اور سیدنا محمد تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں

۷۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا

الٰہی میں تجھ سے دنیا اور آخرت کی عافیت مانگتا ہوں

وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ

الٰہی میں تجھ سے معافی اور سلامتی مانگتا ہوں

۷۷ ابوداؤد ر ۵۰۶۹ ص ۵۴۷ ۷۸ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی صبح وشام میں اس دعا کو ترک نہیں فرمایا کرتے تھے ابوداؤد ر ۵۰۷۴ ص ۵۴۷

فِي دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ

اپنے دین میں اور اپنی دنیا اور اپنے اہل اور مال میں الٰہی میری شرمناک حرکتوں

عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِيْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ

کو چھپالے اور میری گھبراہٹوں سے امن نصیب فرما الٰہی میری حفاظت فرما میرے

بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ

آگے سے اور میرے پیچھے سے اور داہنی جانب سے اور بائیں جانب سے اور اوپر

وَمِنْ فَوْقِيْ وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ

سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ ہلاکت میں پڑ جاؤں اپنے نیچے کی جانب سے

۷۹ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِسَيِّدِنَا

ہم اللہ کو رب اور اسلام کو مذہب اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلًا وَّنَبِيًّا

کو پیغمبر اور نبی ماننے پر راضی ہیں

۸۰ اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْبِاَحَدٍ

الٰہی جو بھی نعمت ملی مجھ کو یا تیری مخلوق میں سے کسی کو وہ تجھ ہی

مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

یکتا لاشریک کی طرف سے ملی پس

۷۹ اس دعا کے پڑھنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لیا ہے کہ اسے بروز قیامت خوش کردے گا یہ دعا رسولا تک ابو داؤد ۵۰۷۲ ص ۷۵۴ میں جبکہ نبیا تک مسلم ۱۱۶۲ ص ۴۵۱ میں موجود ہے۔

۸۰ صبح شام پڑھنے والے نے گویا روز و شب کی تمام نعمتوں کا شکر ادا کردیا ابن حبان ۸۶۱ ص ۱۴۲ ج ۳

فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ

تیری ہی حمد ہے اور تیرا ہی شکر

۸۱ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ

الٰہی مجھے میرے بدن میں عافیت بخش الٰہی مجھے میری سماعت میں

سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

عافیت بخش الٰہی مجھے میری بصارت میں عافیت بخش تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ اَللّٰهُمَّ

الٰہی میری تیری پناہ چاہتا ہوں کفر اور محتاجی سے

اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں عذاب قبر سے تیرے سوا کوئی معبود نہیں

● اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ

الٰہی مجھے میرے بدن میں عافیت بخش الٰہی مجھے میری سماعت میں

سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

عافیت بخش الٰہی مجھے میری بصارت میں عافیت بخش تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ اَللّٰهُمَّ

الٰہی میری تیری پناہ چاہتا ہوں کفر اور محتاجی سے

۸۱ ابوداؤد ۵۰۹۰ ص ۵۴۹

چونکہ اس دعا کو تین مرتبہ پڑھنا چاہئے اس لئے پڑھنے والوں کی آسانی کے لئے اسے تین مرتبہ تحریر کردیا گیا ہے۔

اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں عذاب قبر سے تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ

الٰہی مجھے میرے بدن میں عافیت بخش الٰہی مجھے میری سماعت میں

سَمْعِیْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

عافیت بخش الٰہی مجھے میری بصارت میں عافیت بخش تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ اَللّٰهُمَّ

الٰہی میری تیری پناہ چاہتا ہوں کفر اور محتاجی سے

اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں عذاب قبر سے تیرے سوا کوئی معبود نہیں

۸۲ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

اللہ کی تسبیح اور اس کی حمد کرتا ہوں نہ زور ہے اور نہ طاقت

اِلَّا بِاللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ

مگر اللہ سے جو اللہ نے چاہا وہ ہوا اور جو نہ چاہا وہ نہ ہوا

اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ

میں جانتا ہوں اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور بیشک

۸۲ صبح شام اس دعا کے پڑھنے والے کی حفاظت کی جاتی ہے ابوداؤد ۵۰۷۵ ص ۵۴۷

اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ۝

اللہ کا علم ہر چیز کو محیط ہے

۸۳ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ

اے حی و قیوم تیری رحمت کی دہائی ہے میری ہر حالت درست فرما دے

لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ

اور مجھے پلک جھپکنے کی مقدار بھی میرے نفس کے حوالہ مت کر

۸۴ سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ

الٰہی تو ہی میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے ہی مجھے پیدا فرمایا ہے اور میں تیرا

وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ

بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدہ پر قائم ہوں جتنا بھی بن پڑا میں اپنے کئے

مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْٓءُ

ہوئے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں جو مجھ پر ہے اور اپنے

بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

گناہوں کا اقرار کرتا ہوں پس مجھے بخش دے کیونکہ گناہوں کو کوئی تیرے سوا نہیں بخش سکتا

۸۳ المستدرک ۲۰۰۰ کتاب الدعاء ص ۷۳۰ ج ۱

۸۴ جو شخص صبح شام اس استغفار کو پڑھے اس کو دن میں موت آئے یا رات میں اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمائیں گے۔ البخاری کتاب الدعوات باب افضل الاستغفار ۵۹۴۷ ص ۲۳۲۴

۸۵ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ وَاَحَقُّ مَنْ عُبِدَ

الٰہی تو ہی زیادہ مستحق ہے جس کا ذکر کیا جائے اور زیادہ مستحق ہے جس کی عبادت کی جائے

وَاَنْصَرُ مَنِ ابْتُغِيَ وَاَرْأَفُ مَنْ مَّلَكَ وَاَجْوَدُ مَنْ

اور جن سے مدد مانگی جاتی ہے ان میں سب سے زیادہ مدد کرنے والے اور سب مالکوں سے زیادہ

سُئِلَ وَاَوْسَعُ مَنْ اَعْطٰى اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ

شفیق اور جن سے کچھ مانگا جاتا ہے ان سب سے زیادہ سخی اور دینے والوں میں سب سے بڑھا ہوا ہے

لَاشَرِيْكَ لَكَ وَالْفَرْدُ لَانِدَّ لَكَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا

الٰہی تو بادشاہ ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور یگانہ ہے تیرا کوئی مثل نہیں ہر چیز فانی ہے

وَجْهَكَ لَنْ تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ وَلَنْ تُعْصٰى اِلَّا بِعِلْمِكَ

بجز تیری ذات کے، بغیر تیری اجازت کے تیری اطاعت نہیں ہوسکتی اور بغیر تیرے علم کے

تُطَاعُ فَتَشْكُرُ وَتُعْصٰى فَتَغْفِرُ اَقْرَبُ شَهِيْدٍ وَّاَدْنٰى

تیری معصیت نہیں ہوسکتی تیری اطاعت کی جاتی ہے تو تو قدر فرماتا ہے اور معصیت کی جاتی ہے تو

حَفِيْظٍ حُلْتَ دُوْنَ النُّفُوْسِ وَاَخَذْتَ بِالنَّوَاصِيْ

تو بخش دیتا ہے قریب ترین گواہ اور نزدیک ترین نگہبان ہے نفوس پر تیرا تصرف ہے اور پیشانیاں تیرے

وَكَتَبْتَ الْاٰثَارَ وَنَسَخْتَ الْاٰجَالَ اَلْقُلُوْبُ لَكَ

قبضہ میں ہیں اور نشانات تیری لکھت میں ہیں اور زندگیاں تیری تحریر میں ہیں قلوب تیرے سامنے

۸۵ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صبح شام ان کلمات کے ساتھ اپنے رب سے مناجات کیا کرتے تھے یہ مکمل دعا کچھ الفاظ کے اختلاف کے ساتھ المعجم الکبیر ۸۰۲۷ ص ۳۱۶ ج ۸ پر موجود ہے

مُفْضِيَةٌ وَالسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِيَةٌ اَلْحَلَالُ مَا اَحْلَلْتَ

واضح ہیں اور مخفی تیرے نزدیک علانیہ ہے حلال وہی ہے جسے تو نے حلال بتایا

وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمْتَ وَالدِّيْنُ مَا شَرَعْتَ وَالْاَمْرُ مَا

اور حرام وہی ہے جسے تو نے حرام بتایا اور دین وہی ہے جو تو نے تجویز کیا اور حکم وہی ہے جو

قَضَيْتَ وَالْخَلْقُ خَلْقُكَ وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ وَاَنْتَ اللّٰهُ

تو نے صادر فرمایا اور مخلوق سب تیری مخلوق ہے اور ہر بندہ تیرا ہی بندہ ہے اور تو ہی اللہ ہے

الرَّؤُوْفُ الرَّحِيْمُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ اَشْرَقَتْ

شفقت اور رحمت والا، میں تجھ سے تیری ذات کے اس نور کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں

لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ

جس سے آسمان اور زمین روشن ہیں اور ہر اس حق کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں جو

السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ اَنْ تُقِيْلَنِىْ فِىْ هٰذِهِ الْغَدَاةِ اَوْ فِىْ

مانگنے والوں کا تجھ پر ہے کہ میری خطا معاف فرما آج صبح ہی میں

هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ وَاَنْ تُجِيْرَنِىْ مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ

(یا اس شام میں) اور یہ کہ مجھے اپنی قدرت سے جہنم سے پناہ دے

۸۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں قلق اور غم سے اور

۸۶ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کو پریشانیوں اور تفکرات کے دور کرنے اور قرض کی ادائیگی کے لئے اس دعا کو صبح شام پڑھنے کی تلقین فرمائی ابوداؤد ۱۵۵۵ ص ۱۸۳

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ

تیری پناہ مانگتا ہوں بے بسی اور کاہلی سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی

وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ

اور کنجوسی سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں قرض کے دباؤ اور لوگوں کے جبروزور سے

۸۷ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ

حاضر ہوں اے اللہ حاضر ہوں حاضر ہوں اور تیری اطاعت کے لئے تیار ہوں

وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَاِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ

اور ہر بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے اور تیری ہی طرف سے اور تیری ہی جانب منسوب ہے

مِنْ قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ مِنْ حَلْفٍ اَوْ نَذَرْتُ مِنْ نَذْرٍ

اے اللہ جو بات بھی میں نے منہ سے نکالی یا جو قسم بھی میں نے کھائی یا جو منت بھی میں نے مانی

فَمَشِيَّتُكَ بَيْنَ يَدَيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ مَا شِئْتَ كَانَ

سو تیری مشیت کے آگے ہے جو تو نے چاہا وہ ہوا

وَمَا لَمْ تَشَأْ لَا يَكُوْنُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

اور جو نہ چاہا وہ نہیں ہوسکتا اور نہ زور ہے اور نہ طاقت مگر تجھ سے

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتُ مِنْ

اور تیری پناہ چاہتا ہوں سخت امتحان سے اور آخرت کے عذاب سے

٣١ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں ہر ایسے عمل سے

٢٨ دوران نماز تشہد کی حالت میں مانگی جانے والی دعا مجمع الزوائد رقم ٢٨٦٢ ص ٣٣٧ ج ٢

٢٩ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر یہ دعا مانگتے الجامع الصغیر رقم ٦٧٤١ ص ٤١٨

٣٠ نماز کے بعد مانگی جانے والی دعا الکامل فی ضعفاء الرجال ص٢٣٣ ج٢ ٣١ عمل الیوم واللیلۃ رقم ١٢٠ ص ٩١

يُّخْزِيْنِيْ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ يُّؤْذِيْنِيْ

جو مجھے رسوا کردے اور تیری پناہ چاہتا ہوں ہر ایسے رفیق سے جو مجھے ستائے

وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ اَمَلٍ يُّلْهِيْنِيْ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں ہر ایسی آرزو سے جو مجھے غافل بنادے اور تیری پناہ مانگتا ہوں

كُلِّ فَقْرٍ يُّنْسِيْنِيْ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ غِنًى يُّطْغِيْنِيْ

ہر ایسی تنگ دستی سے جو مجھے بھلادے اور تیری پناہ مانگتا ہوں ہر ایسی تونگری سے جو مجھے سرکش بنادے

۳۲ اَللّٰهُمَّ اِلٰهِيْ وَاِلٰهَ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ

اے اللہ اے میرے معبود اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور سیدنا اسحٰق علیہ السلام

وَاِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَاِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ وَ مِيْكَآئِيْلَ

اور سیدنا یعقوب علیہ السلام کے معبود اور سیدنا جبریل علیہ السلام اور سیدنا میکائیل علیہ السلام

وَاِسْرَافِيْلَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَسْتَجِيْبَ دَعْوَتِيْ

اور سیدنا اسرافیل علیہ السلام کے معبود میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ میری دعا قبول فرمالے

فَاَنَا مُضْطَرٌّ وَّ تَعْصِمَنِيْ فِيْ دِيْنِيْ فَاِنِّيْ

کیونکہ میں بے کس ہوں اور مجھے میرے دین کے بارے میں محفوظ رکھ

مُبْتَلًى وَّ تَنَالَنِيْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّيْ مُذْنِبٌ

کہ میں مصیبت زدہ ہوں اور مجھے اپنی رحمت سے تھام لے کہ میں گنہگار رہوں

۳۲ نماز کے بعد ان الفاظ سے دعا مانگی جائے تو اللہ قبول فرماتے ہیں کنز العمال رقم ۳۴۷۶ ص ۱۳۴ ج ۲

وَّ تَنْفِیَ عَنِّی الْفَقْرَ فَاِنِّیْ مُتَمَسْکِنٌ

اور مجھ سے تنگ دستی کو دور فرما دے کہ میں لاچار ہوں

۳۳ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگنے والوں کے حق کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں

عَلَیْكَ فَاِنَّ لِلسَّآئِلِ عَلَیْكَ حَقًّا اَیُّمَا عَبْدٍ اَوْ

کہ مانگنے والے کا تجھ پر حق ہے، خشکی وتری کے رہنے والوں میں سے

اَمَةٍ مِنْ اَھْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ دَعْوَتَھُمْ

جس بندہ یا بندی کی تو نے درخواست منظور کی

وَاسْتَجَبْتَ دُعَآءَ ھُمْ اَنْ تُشْرِکَنَا فِیْ صَالِحِ

اور دعا قبول فرمائی ہے تو ہمیں ان کی اچھی دعاؤں میں

مَا یَدْعُوْنَكَ فِیْهِ وَاَنْ تُشْرِکَھُمْ فِیْ صَالِحِ مَا

جو وہ تجھ سے مانگتے ہیں ان کا شریک بنا لینا اور ان اچھی دعاؤں میں جو ہم تجھ سے مانگتے ہیں

نَدْعُوْكَ فِیْهِ وَاَنْ تُعَافِیَنَا وَاِیَّاھُمْ وَاَنْ

ان کو شریک کر لینا اور ہمیں اور انہیں عافیت نصیب فرما

تَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْھُمْ وَاَنْ تَجَاوَزَ عَنَّا

اور ہم سے اور ان سے قبول فرما اور ہم سے اور ان سے درگزر فرما

۳۳ کنز العمال رقم ۷۷ ۴۹ ص ۶۴۴ ج ۲

وَعَنْهُمْ فَاِنَّنَا اٰمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا

کیونکہ ہم اس پر ایمان لائے ہیں جو تو نے نازل فرمایا اور

الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ

ہم نے پیغمبر کا اتباع کیا ہمیں گواہوں کے ساتھ لکھ دے

۳۴ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ

الٰہی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وسیلہ عطا فرما

وَاجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْاَعْلَيْنَ

اور منتخب شدہ حضرات میں ان کی محبت اور صاحبان رفعت میں

دَرَجَتَهٗ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهٗ

ان کا درجہ اور مقربین میں ان کا ذکر شامل فرما

۳۵ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَيَّ

الٰہی مجھے خاص اپنے پاس سے ہدایت بخش اور مجھ پر اپنا فضل

مِنْ فَضْلِكَ وَاَسْبِغْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ

ڈال دے اور مجھ پر اپنی رحمت بھر پور فرما

عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ

اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل فرما

۳۴ فرض نماز کے بعد اس دعا کے مانگنے سے بروز قیامت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی کنز العمال رقم ۹ ۳۴۷ ص ۱۳۴ ج ۲ ۳۵ نماز فجر کے بعد اس دعا کو تین بار مانگنے سے اللہ برص، جذام، فالج اور اندھے پن سے نجات عطا فرماتے ہیں کنز العمال رقم ۳۵۲۰ ص ۱۴۵ ج ۲

۳۶ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ

الٰہی مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر اور مجھ پر عنایت فرما

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

بے شک تو ہی عنایت فرمانے والا ومہربان ہے

۳۷ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ تَوْفِیْقَ اَھْلِ الْھُدٰی

الٰہی میں تجھ سے اہل ہدایت کے جیسی توفیق

وَاَعْمَالَ اَھْلِ الْیَقِیْنِ وَمُنَاصَحَةَ اَھْلِ التَّوْبَةِ

اور صاحبان یقین کے جیسے اعمال اور توبہ والوں کے جیسا اخلاص

وَعَزْمَ اَھْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَھْلِ الْخَشْیَةِ وَطَلَبَ

اور صبر والوں کے جیسا استقلال اور خشیت والوں کے جیسی سعی اور رغبت والوں کے جیسی طلب

اَھْلِ الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اَھْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ

اور پرہیزگاروں کے جیسی عبادت اور اہل علم کے جیسی معرفت

اَھْلِ الْعِلْمِ حَتّٰٓی اَلْقَاكَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

مانگتا ہوں یہاں تک کہ تجھ سے ملوں اے اللہ میں تجھ سے اتنا خوف مانگتا ہوں

مَخَافَةً تَحْجُزُنِیْ عَنْ مَعَاصِیْكَ حَتّٰٓی اَعْمَلَ

جو مجھے تیری معصیتوں سے روک دے تا کہ تیری طاعت کا

۳۶ مسند احمد رقم ۵۳۵۴ ص ۲۵۶ ج ۹

۳۷ صلوۃ التسبیح کے بعد کی دعا المعجم الاوسط رقم ۲۳۱۸ ص ۱۴ ج ۳

بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰى

کوئی عمل ایسا کرلوں جس سے تیری رضا کا مستحق بن جاؤں

اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰى اُخْلِصَ

اور تجھ سے ڈر کر تیرے حضور خالص توبہ کرلوں اور تجھ سے شرما کر تیرے لئے

لَكَ النَّصِيْحَةَ حَيَاۤءً مِّنْكَ وَحَتّٰى اَتَوَكَّلَ

مخلصانہ نصیحت کروں اور تاکہ تمام معاملات میں تجھ پر بھروسہ کروں

عَلَيْكَ فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ

اور تیرے ساتھ نیک گمان رکھنے کی درخواست کرتا ہوں

سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ

تو پاک ذات ہے اے نور کے پیدا کرنے والے

۳۸ اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فُجَاۤءَةً وَّلَا تَأْخُذْنَا

اے اللہ ہمیں اچانک ہلاک نہ کرنا اور ہمیں دفعۃً نہ پکڑ لینا

بَغْتَةً وَّلَا تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِيَّةٍ

اور ہمیں اداء حق اور وصیت کرنے سے غافل نہ فرمانا

۳۹ اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ

اے اللہ میری وحشت کو قبر میں انس سے بدل دینا

۳۸ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عیدین کی دعا کا ایک حصہ المعجم الاوسط رقم ۷۵۷۲ ص ۳۰۶ ج ۷

۳۹ ختم قرآن کی دعا الی فی قبری الفوائد المجموعۃ رقم ۹۶۴/۳۳ ص ۳۹۵ من اللهم ارحمنی الخ

تخریج الاحیاء رقم ۹۲۸ ص ۲۹۴

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَاجْعَلْهُ لِیْ

اے اللہ مجھ پر قرآن مجید کے طفیل رحم فرما اور اس کو میرے لئے

اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًی وَّرَحْمَةً اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِیْ مِنْهُ

پیشوا اور نور اور ہدایت اور رحمت بنا الٰہی مجھے یاد کرا دے وہ

مَا نَسِیْتُ وَعَلِّمْنِیْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِیْ

جو میں بھول گیا ہوں اور اس کا علم عطا کر جس سے میں ناواقف ہوں اور مجھے اس کی تلاوت

تِلَاوَتَهٗ اٰنَآءَ اللَّیْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِیْ

رات اور دن کے تمام اوقات میں نصیب فرما اور اسے

حُجَّةً یَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

میرے لئے سند بنا اے پروردگار عالم

٤٠ اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ

الٰہی میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں

وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِكَ اَتَقَلَّبُ فِیْ قَبْضَتِكَ

اور تیری بندی کا بیٹا ہوں میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے تیرے قبضہ میں چلتا پھرتا ہوں

وَاُصَدِّقُ بِلِقَآئِكَ وَاُوْمِنُ بِوَعْدِكَ اَمَرْتَنِیْ

تیری ملاقات پر ایمان رکھتا ہوں اور تیرے وعدہ پر ایمان رکھتا ہوں تو نے حکم دیا

٤٠ الكلم الطیب والقول المختار للسیوطی ص ١٠٢ المخطوطة من المکتبة المصطفی الالکترونیة

فَعَصَيْتُ وَنَهَيْتَنِيْ فَأَبَيْتُ هٰذَا مَكَانُ الْعَآئِذِ

تو مجھ سے تعمیل نہ ہوئی اور تو نے ممانعت فرمائی تو مان نہ سکا یہ آگ سے

بِكَ مِنَ النَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ظَلَمْتُ

تیری پناہ مانگنے والے کا مقام ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے میں نے اپنی جان پر

نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

ستم ڈھایا پس مجھے بخش دے بے شک تیرے سوا گناہوں کو کوئی نہیں بخشتا

۴۱ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى

الٰہی تیرے ہی لئے تعریف ہے اور تیری ہی طرف گلہ ہے

وَبِكَ الْمُسْتَغَاثُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ

اور تجھ ہی سے فریاد ہے اور تو ہی ہے جس سے مدد مانگی جائے

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور نہ زور ہے نہ طاقت مگر اللہ سے

۴۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ میں تجھ سے بطفیل تیرے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تیرے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّكَ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ

اور تیرے ہمراز حضرت موسیٰ علیہ السلام اور تیری روح وکلمہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے

۴۱ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بنی اسرائیل کے ساتھ سمندر عبور کرتے ہوئے دعا المعجم الوسط رقم ۳۳۹۴ ص ۳۵۶ ج ۳ ۴۲ تخریج الاحیاء رقم ۹۹۴ ص ۷۷۹

وَ مُوْسٰى نَجِيِّكَ وَ عِيْسٰى رُوْحِكَ وَ كَلِمَتِكَ

اور تیرے ہمراز حضرت موسیٰ علیہ السلام اور تیری روح وکلمہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے

وَبِكَلَامِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى وَ زَبُوْرِ دَاوٗدَ

اور بحرمت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی انجیل

وَ فُرْقَانِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور حضرت داؤد علیہ السلام کی زبور اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرآن مجید کے مانگتا ہوں

وَبِكُلِّ وَحْيٍ اَوْحَيْتَهٗ اَوْ قَضَآءٍ قَضَيْتَهٗ اَوْ سَآئِلٍ

اور ہر وحی کے جو تو نے بھیجی، یا حکم جس کو جاری فرمایا یا سائل

اَعْطَيْتَهٗ اَوْ فَقِيْرٍ اَغْنَيْتَهٗ اَوْ غَنِيٍّ اَفْقَرْتَهٗ اَوْ

جسے عطا فرمایا یا محتاج جس کو تونگر کیا ہو یا تونگر جسے محتاج بنایا

ضَآلٍّ هَدَيْتَهٗ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَهٗ

یا گمراہ جسے ہدایت بخشی، اور میں تجھ سے مانگتا ہوں بحرمت تیرے اس نام کے جسے تو نے

عَلٰى مُوْسٰى وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى

حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل کیا اور تجھ سے مانگتا ہوں بحرمت تیرے اس نام کے

الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَ عَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ

جسے تو نے زمین پر رکھا تو وہ قرار پکڑ گئی اور آسمان پر رکھا تو وہ قائم ہو گئے

وَ عَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ

اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ گڑ گئے اور میں تجھ سے مانگتا ہوں بحرمت تیرے اس نام کے

اسْتَقَرَّ بِهٖ عَرْشُكَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ

جس سے تیرے عرش نے قرار پکڑا اور میں تجھ سے مانگتا ہوں بحرمت تیرے اس پاک

الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِيْ كِتَابِكَ مِنْ لَّدُنْكَ وَ بِاسْمِكَ

صاف نام کے جو تیرے پاس سے تیری کتاب میں اتارا گیا اور بحرمت تیرے اس نام کے

الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَ عَلَى اللَّيْلِ

جسے تو نے دن پر رکھا تو وہ روشن ہو گیا اور رات پر رکھا تو وہ تاریک ہو گئی

فَاَظْلَمَ وَ بِعَظَمَتِكَ وَ كِبْرِيَائِكَ وَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ

اور بحرمت تیری عظمت اور کبریائی کے اور بحرمت تیرے نور ذات کے

اَنْ تَرْزُقَنِيَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ وَ تَخْلِطَهٗ بِلَحْمِيْ

کہ مجھے نصیب فرما قرآن مجید اور اسے میرے گوشت وخون

وَ دَمِيْ وَ سَمْعِيْ وَ بَصَرِيْ وَ تَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِيْ

اور سماعت وبینائی میں شامل فرما دے اور اس پر میرے بدن کو عامل بنا

بِحَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِكَ

اپنے زور اور اپنی طاقت سے بے شک نہ زور ہے نہ طاقت مگر تجھ سے

۴۳ بِسْمِ اللّٰهِ ذِی الشَّانِ عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ

اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑی شان باعظمت دلیل

۴۳ جو شخص دن اور رات کے شروع میں اس دعا کو مانگ لے تو اللہ اسے شیطان اور اس کے لشکر سے محفوظ فرماتے ہیں

کنز العمال رقم ۵۰۱۷ ص ۶۶۴ ج ۲

شَدِيْدِ السُّلْطَانِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

اور مستحکم سلطنت والا ہے جو اللہ نے چاہا وہ ضرور ہوا میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

شیطان مردود سے

۴۴ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْمَا

الٰہی میرے لئے موت اور مرنے کے بعد کے حالت میں

بَعْدَ الْمَوْتِ (۲۵ بار پڑھیں)

برکت نازل فرما

۴۵ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَمِّنَّا مَكْرَكَ وَلَا تُنْسِنَا

الٰہی ہمیں اپنے مکر سے مطمئن نہ بنانا اور ہمیں اپنی یاد سے

ذِكْرَكَ وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا سِتْرَكَ وَلَا تَجْعَلْنَا

غافل نہ فرمانا اور ہم سے اپنا پردہ چاک نہ فرمانا اور ہمیں

مِنَ الْغَافِلِيْنَ

اہل غفلت میں سے نہ بنانا

۴۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی تنگی سے

۴۴ جو شخص دن میں ۲۵ بار یہ دعا مانگے اور پھر اس کا انتقال ہوجائے تو وہ شہیدوں میں شمار ہوگا مجمع الزوائد رقم ۹۵۵۷ ص ۵۴۷ ج ۵ ۴۵ تخریج الاحیاء رقم ۱۰۰۳ ص ۷۸۸ ۴۶ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا کو تہجد کے وقت دس مرتبہ پڑھا کرتے تھے ابو داؤد رقم ۵۰۸۵ ص ۵۴۸

وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

اور آخرت کی تنگی سے

۴۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ

الٰہی میں تجھ سے عافیت کا جلد ہونا

وَدَفْعَ بَلَآئِكَ وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْيَا اِلٰى رَحْمَتِكَ

اور بلا کا دور ہونا اور دنیا سے تیری رحمت کی طرف نکلنے کا سوال کرتا ہوں

۴۸ يَا مَنْ يَّكْفِيْ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِيْ

اے وہ ذات جو ہر ایک کی طرف سے کفایت کرتی ہے اور اس سے کوئی کفایت نہیں کرسکتا

مِنْهُ اَحَدٌ يَّا اَحَدَ مَنْ لَّا اَحَدَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ

اے وہ یکتا ذات جس کے لئے اور کوئی ذات یکتا نہیں اے وہ ذات جو سب کا سہارا ہے اور اس

لَهُ انْقَطَعَ الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْكَ نَجِّنِيْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ

کے لئے کوئی سہارا نہیں تیرے سوا سب سے امیدیں منقطع ہوگئیں، مجھے نجات دے اس سے جس

وَاَعِنِّيْ عَلٰى مَا اَنَا عَلَيْهِ مِمَّا نَزَلَ بِيْ بِجَاهِ وَجْهِكَ

میں مبتلا ہوں اور میری مدد فرما موجودہ تکلیف سے جو مجھ پر نازل ہوئی اپنی کریم ذات کی حرمت

الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اٰمِيْنَ

کے صدقہ سے اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حق کے وسیلے سے جو تجھ پر ہے آمین

۴۷ کنز العمال رقم ۳۶۹۸ ص ۱۹۰ ج ۲

۴۸ شیطان یا بادشاہ کے ظلم سے حفاظت کی دعا کنز العمال رقم ۳۴۲۵ ص ۱۲۰ ج ۲

۴۹ اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِي بِعَيْنِكَ الَّتِي لَا تَنَامُ

الٰہی میری نگہبانی فرما اپنی اس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں

وَاكْنُفْنِي بِرُكْنِكَ الَّذِي لَا يُرَامُ وَارْحَمْنِي

اور مجھے اپنی اس طاقت کی پناہ میں لے لے جس کا کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا اور مجھ پر رحم فرما

بِقُدْرَتِكَ عَلَيَّ فَلَا أَهْلِكُ وَأَنْتَ رَجَائِي فَكَمْ مِنْ

اپنی اس قدرت سے جو تجھے مجھ پر ہے تا کہ میں ہلاک نہ ہو جاؤں اور میری امید بس تیری ہی ذات ہے

نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُكْرِي وَكَمْ

کتنی ہی نعمتیں ایسی ہیں جو تو نے مجھ پر فرمائیں اور میں نے ان کا شکر ادا نہیں کیا

مِّنْ بَلِيَّةٍ ابْتَلَيْتَنِي بِهَا قَلَّ لَكَ بِهَا صَبْرِي

اور کتنی ہی آزمائشیں ایسی ہیں جن میں تو نے مجھے مبتلا فرمایا اور میں نے ان پر صبر نہیں کیا

فَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِهٖ شُكْرِي فَلَمْ يَحْرِمْنِي

پس اے وہ ذات جس نے اپنی نعمتوں پر شکر کی کمی کے باوجود مجھے محروم نہ کیا

وَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ بَلِيَّتِهٖ صَبْرِي فَلَمْ يَخْذُلْنِي

اور اے وہ ذات جس نے اپنی آزمائشوں پر میرے صبر کی کمی کے باوجود میرا ساتھ نہ چھوڑا

وَيَا مَنْ رَّاٰنِي عَلَى الْخَطَايَا فَلَمْ يَفْضَحْنِي

اور اے وہ ذات جس نے مجھے غلطیوں پر دیکھنے کے باوجود رسوا نہیں کیا

۴۹ جب کوئی سخت امر پیش آئے تو ان الفاظ سے دعا مانگے کنز العمال رقم ۳۴۴۱ ص ۱۲۴ ج ۲

يَاذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِىْ لَا يَنْقَضِىْ اَبَدًا

اے ان خوبیوں کے مالک جو کبھی ختم نہ ہوں گی

وَيَاذَا النَّعْمَآءِ الَّتِىْ لَا تُحْصٰى اَبَدًا اَسْئَلُكَ اَنْ

اور اے ایسے انعام والے جن کی کبھی شمار نہ کیا جا سکے گا میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں

تُصَلِّىَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمت نازل فرما

وَّبِكَ اَدْرَاُ فِىْ نُحُوْرِ الْاَعْدَآءِ وَالْجَبَابِرَةِ

اور اے اللہ ہم دشمنوں اور ظالموں کو تیری ہی ذات کے سہارے سے دفع کرتے ہیں

۵۰ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّىْ عَلٰى دِيْنِىْ بِالدُّنْيَا وَعَلٰى

الٰہی میری مدد فرما میرے دین پر بذریعہ دنیا کے

اٰخِرَتِىْ بِالتَّقْوٰى وَاحْفَظْنِىْ فِيْمَا غِبْتُ عَنْهُ

اور میری آخرت پر بذریعہ تقویٰ کے اور میری حفاظت فرما ان چیزوں میں جو مجھ سے اوجھل ہیں

وَلَا تَكِلْنِىْ اِلٰى نَفْسِىْ فِيْمَا حَضَرْتُهُ

اور مجھے حوالہ نہ فرما میرے نفس کے موجودہ امور میں

۵۰ جب کوئی سخت امر پیش آئے تو ان الفاظ سے دعا مانگے القول البدیع ص ۴۳۷

يَامَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوبُ وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ

اے وہ ذات کہ جس کو گناہ نقصان نہیں پہنچا سکتے اور ان گناہوں کا بخش دینا اس کے لئے کمی کا باعث

هَبْ لِيْ مَا لَا يَنْقُصُكَ وَاغْفِرْ لِيْ مَا لَا يَضُرُّكَ اِنَّكَ

نہیں بنتا مجھے عطا فرما وہ (معافی) جو تیرے لئے کمی کا باعث نہیں اور میرے وہ گناہ معاف کردے جو

اَنْتَ الْوَهَّابُ اَسْئَلُكَ فَرَجًا قَرِيْبًا وَصَبْرًا جَمِيْلًا

تجھے ضرر نہیں پہنچا سکتے بے شک تو بہت دینے والا ہے میں تجھ سے فوری کشادگی اور صبر جمیل

وَرِزْقًا وَّاسِعًا وَّالْعَافِيَةَ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ وَاَسْئَلُكَ

اور وسعت والی روزی اور سب بلاؤں سے عافیت مانگتا ہوں

تَمَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ

اور تجھ سے پوری عافیت مانگتا ہوں اور تجھ سے ہمیشہ کی عافیت مانگتا ہوں

الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ

اور تجھ سے عافیت پر شکر گزاری مانگتا ہوں اور تجھ سے لوگوں سے بے نیازی مانگتا ہوں

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اور نہ زور ہے نہ طاقت مگر اللہ برتر و باعظمت سے

يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ

اے رب اے رب اے رب

# چھٹی منزل بروز جمعرات

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

١ اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ

اے اللہ اے بڑائی والے، اے سننے والے اے دیکھنے والے

يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَيَا خَالِقَ الشَّمْسِ

اے وہ ذات جس کا نہ کوئی شریک ہے نہ وزیر، اور اے سورج

وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ وَيَا عِصْمَةَ الْبَآئِسِ الْخَآئِفِ

اور روشن چاند کے پیدا کرنے والے اور اے ہر محتاج خوفزدہ

الْمُسْتَجِيْرِ وَيَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ

فریادی کی حفاظت کرنے والے، اور اے ننھے بچہ کو روزی دینے والے

وَيَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْبَآئِسِ

اور اے ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے والے میں تجھے اس طرح پکارتا ہوں جیسے محتاج

الْفَقِيْرِ كَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ الضَّرِيْرِ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ

فقیر پکارتا ہے اور بے کس آفت میں مبتلا پکارتا ہے میں تجھ سے مانگتا ہوں عرش کے وسیلے سے

١ اس دعا کا بتدائی حصہ تنزیہ الشریعة المرفوعة ص ٣٢٩ ج ٢ میں موجود ہے

الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَبِمَفَاتِيحِ الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ

جس سے عزت لپٹی ہوئی ہے اور تیری کتاب میں سے بوسیلہ رحمت کی کنجیوں کے

وَبِالْاَسْمَآءِ الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوبَةِ عَلٰى قَرْنِ الشَّمْسِ

اور بحرمت ان آٹھ ناموں کے جو رخ آفتاب پر لکھے ہوئے ہیں

اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيعَ قَلْبِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ

یہ کہ قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے غم کا دفعیہ کر دے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا (یہاں جو مانگنا چاہے مانگے)

اے ہمارے رب دے ہمیں (فلاں فلاں چیز)

٢ يَا مُؤْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ وَّيَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ

اے ہر تن تنہا کے غمگسار، اور اے ہر اکیلے کے ساتھی

وَّيَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ وَّيَا شَاهِدًا غَيْرَ غَآئِبٍ وَّيَا غَالِبًا

اور اے قریب جو دور نہیں ہے، اور اے موجود جو اوجھل نہیں ہے، اور اے غالب

غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَّا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

جو مغلوب نہیں اے حی اے قیوم اے جلال و اکرام والے

٣ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا زَيْنَ السَّمٰوٰتِ

اے آسمانوں اور زمینوں کے نور، اے آسمانوں اور

٢ کنز العمال رقم ٥١٠٣ ص ٦٩٣ ج ٢

٣ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ ترین اسماء جن کے ذریعے اس سے مانگا جائے مجمع الزوائد رقم ١٧٣٩٧ ص ٢٨٤ ج ١٠

وَالْاَرْضِ یَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا عِمَادَ

زمین کی زینت، اے افلاک وزمین کے حاکم، اے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور زمینوں کے ستون اے آسمانوں اور زمینوں کے موجد

یَا قَیَّامَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اے آسمانوں اور زمینوں کے ناظم، اے صاحب جلال واکرام

یَا صَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ وَمُنْتَهَی الْعَآئِذِیْنَ

اے فریادیوں کے دادرس اور پناہ مانگنے والوں کے منتہا

وَالْمُفَرِّجَ عَنِ الْمَکْرُوْبِیْنَ وَالْمُرَوِّحَ عَنِ

اور بے چینیوں کی بے چینی دور کرنے والے، اور غم زدوں کوراحت

الْمَغْمُوْمِیْنَ وَمُجِیْبَ دُعَآءِ الْمُضْطَرِّیْنَ

بخشنے والے، اور بے قراروں کی دعا کو قبول کرنے والے

وَیَا کَاشِفَ الْکُرَبِ یَا اِلٰهَ الْعَالَمِیْنَ

اور اے کلفتوں کے دور کرنے والے، اے الٰہ العالمین

وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ

اور اے ارحم الراحمین، تجھ ہی پر ہر حاجت پیش کی جاتی ہے

۴ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ

اے اللہ میں فکر کی موت سے تیری پناہ مانگتا ہوں

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ

اور غم کی موت سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور بھوک سے

الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ

تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ بری ہم خواب ہے اور خیانت سے

الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ

تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ بری خصلت ہے

۵ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِيْ

الٰہی میرا باطن میرے ظاہر سے بہتر بنادے

وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً

اور میرے ظاہر کو بھی اچھا کردے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ

الٰہی میں تجھ ہی سے وہ اچھی چیزیں مانگتا ہوں جو تو لوگوں کو دیتا ہے

الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَيْرَ ضَآلٍّ وَّلَا مُضِلٍّ

مال اور اہل اور اولاد میں سے، اس طرح کہ نہ خود گمراہ ہوں نہ کسی کو گمراہ کریں

۴ کنز العمال رقم ۳۷۷۵ ص ۲۰۵ ج ۲

۵ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا تعلیم فرمائی ترمذی رقم ۳۵۸۶ ص ۵۶۳

٦ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الْمُنْتَخَبِيْنَ

الٰہی مجھے اپنے ان منتخب بندوں میں سے بنا

الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِيْنَ

جن کے چہرے اور اعضاء روشن ہوں اور جو مقبول مہمان ہوں گے

٧ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ

الٰہی میں تیری اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ کسی شے کو جان بوجھ کر تیرا شریک کروں

شَيْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ

اور تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں اس بات سے کہ لاعلمی میں کسی کو تیرے ساتھ شریک کروں

٨ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ

الٰہی میں تیری کریم ذات کی

وَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ مِنَ الْكُفْرِ وَ الْفَقْرِ

اور تیرے باعظمت نام کی پناہ مانگتا ہوں کفر اور احتیاج سے

٩ اَللّٰهُمَّ قِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ وَ اعْزِمْ لِیْ عَلٰی

الٰہی مجھے میرے نفس کے شر سے محفوظ رکھ

اَرْشَدِ اَمْرِیْ

اور مجھے بہترین کام کی ہمت دے

٦ مسند احمد رقم ۱۷۸۳۲ ص ۳٦۸ ج ۲۹ ٧ شرک اصغر یعنی ریاکاری سے حفاظت کی دعا
کچھ الفاظ اور صیغہ کی تبدیلی کے ساتھ یہ دعا مسند احمد رقم ۱۹٦۰٦ ص ۳۸۳ ج ۳۲ موجود ہے
٨ الجامع الصغیر رقم ۱۵۴۲ ص ۹٦ ٩ مسند احمد رقم ۱۹۹۹۲ ص ۱۹٧ ج ۳۳

۱۰ اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِیْ اِلٰى نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ

الٰہی پلک جھپکنے بھر بھی مجھے میرے نفس کے حوالہ نہ کرنا

وَّلَا تَنْزِعْ مِنِّیْ صَالِحَ مَا اَعْطَیْتَنِیْ فَاِنَّهٗ لَا نَازِعَ

اور مجھ سے وہ اچھی چیز نہ چھیننا جو مجھے عطا فرما چکا ہے کیونکہ وہ چیز

لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا یَعْصِمُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

جو تو نے عطا فرمائی وہ کوئی نہیں چھین سکتا اور نہ ہی تونگر کو تجھ سے تونگری بچا سکتی ہے

۱۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ غِنَى الْاَهْلِ وَالْمَوْلٰى

الٰہی میں تجھ سے اہل وعیال کی تونگری مانگتا ہوں

وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ یَّدْعُوَ عَلَیَّ رَحِمٌ قَطَعْتُهَا

اور تیری پناہ مانگتا ہوں رشتے ناطے کی بددعا سے جس کو میں نے توڑ دیا ہو

۱۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ نَفْسًا بِكَ مُطْمَئِنَّةً

اے اللہ میں تجھ سے ایسا نفس مانگتا ہوں جسے تجھ پر اطمینان ہو

تُؤْمِنُ بِلِقَآئِكَ وَتَرْضٰى بِقَضَآئِكَ وَتَقْنَعُ بِعَطَآئِكَ

جو تجھ سے ملنے پر ایمان لائے اور تیرے فیصلے پر راضی ہو اور تیری عطا پر قانع ہو

۱۳ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ یَّمْشِیْ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس کے شر سے جو چلتا ہے

۱۰ حلیة الاولیاء ص ۲۳۷،۲۳۸ ج ۷ ۱۱ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بستر پر لیٹتے ہوئے یہ دعا مانگتے تھے المعجم الکبیر رقم ۴۸۴۹ ص ۱۳۱ ج ۵ ۱۲ المعجم الکبیر رقم ۷۴۹۰ ص ۱۱۸ ج ۸ ۱۳ کنز العمال رقم ۳۷۹۰ ص ۲۰۸ ج ۲

عَلٰی بَطْنِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰی رِجْلَيْنِ

پیٹ کے بل اور اس کے شر سے جو چلتا ہے دو پاؤں پر

وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰی اَرْبَعٍ

اور اس کے شر سے جو چلتا ہے چار پر

١٤ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنِ امْرَأَةٍ تُشَيِّبُنِيْ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسی عورت سے جو مجھے بڑھاپے سے پہلے

قَبْلَ الْمَشِيْبِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّلَدٍ يَكُوْنُ عَلَيَّ

بوڑھا بنا دے، اور تیری پناہ مانگتا ہوں ایسی اولاد سے جو مجھ پر

وَبَالًا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّالٍ يَّكُوْنُ عَلَيَّ عَذَابًا

وبال ہو جائے اور تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے مال سے جو مجھ پر عذاب بن جائے

وَّاَعُوْذُبِكَ مِنْ صَاحِبِ خَدِيْعَةٍ اِنْ رَّاٰی حَسَنَةً

اور تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے مکار دوست سے کہ خوبی دیکھے

دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰی سَيِّئَةً اَفْشَاهَا

تو اسے دبا دے اور اگر کوئی برائی دیکھے تو اسے اچھال دے

١٥ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ

اے اللہ تو میرے باطن کو اور میرے ظاہر کو جانتا ہے

١٤ کچھ الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ یہ دعا الدعاء للطبرانی رقم ١٣٣٩ ص ١٤٢٥ موجود ہے

١٥ حضرت آدم علیہ السلام کو بیت اللہ کے سامنے یہ دعا سکھلائی گئی المعجم الاوسط رقم ٥٩٧٤ ص ١١٨ ج ٦

فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَاَعْطِنِیْ سُؤْلِیْ

پس میری معذرت قبول فرما اور تو میری حاجت کو جانتا ہے پس مجھے میرا مطلوب دے دے

وَتَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ

اور جو کچھ میرے نفس میں ہے تو اسے جانتا ہے پس میرے گناہ بخش دے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا یُّبَاشِرُ قَلْبِیْ وَیَقِیْنًا

اے اللہ میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں پیوست ہو جائے اور سچا یقین

صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا یُصِیْبُنِیْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِیْ

مانگتا ہوں یہاں تک کہ جان لوں کہ مجھے کوئی چیز نہیں پہنچ سکتی مگر وہی جو تو میرے لئے لکھ چکا ہے

وَرِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِیْ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

اور اس روزی پر رضا جو تو میرے لئے مقسوم کر چکا بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے

۱۶ اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَائِمًا مَعَ

اے اللہ تیرے ہی لئے ایسی حمد ہے جو ہمیشہ رہے

دَوَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَعَ خُلُوْدِكَ

تیری ہیشگی کے ساتھ اور تیرے ہی لئے ایسی حمد ہے جو مستمر رہے تیرے استمرار کے ساتھ

وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا مُنْتَهٰی لَهٗ دُوْنَ مَشِیَّتِكَ

اور تیرے ہی لئے ایسی حمد ہے جس کی تیری مشیت سے پہلے انتہا نہیں

۱۶ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اگر آپ اللہ کی عبادت کا حق ادا کرنا چاہتے ہیں تو ان کلمات کے ساتھ دعا مانگیں المعجم الاوسط رقم ۵۵۳۸ ص ۳۵۵ ج ۵

وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا لَّا يُرِيْدُ قَآئِلُهٗ اِلَّا

اور تیرے ہی لئے ایسی دائمی حمد ہے جس کا کرنے والا صرف تیری خوشنودی کا

رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ

ارادہ کرتا ہے اور تیرے ہی لئے حمد ہے ہر پلک جھپکنے

وَّ تَنَفُّسِ كُلِّ نَفَسٍ

اور سانس لینے کے وقت

۱۷ اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِىْ اِلٰى دِيْنِكَ

اے اللہ میرے دل کو اپنے دین کی طرف راغب کر دے

وَاحْفَظْ مِنْ وَّرَآءِ نَا بِرَحْمَتِكَ

اور ہمارے پیچھے اپنی رحمت کے ساتھ ہماری حفاظت فرما

۱۸ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِىْ اَنْ اَزِلَّ وَاهْدِنِىْ اَنْ اَضِلَّ

الٰہی مجھے ثابت قدم رکھ کہ ڈگمگا نہ جاؤں اور مجھے راستہ دکھا کہ بھٹک نہ جاؤں

۱۹ اَللّٰهُمَّ كَمَا حُلْتَ بَيْنِىْ وَبَيْنَ قَلْبِىْ

الٰہی جس طرح تو میرے اور میرے دل کے درمیان حائل ہے

فَحُلْ بَيْنِىْ وَبَيْنَ الشَّيْطَانِ وَعَمَلِهٖ

اسی طرح میرے اور شیطان اور اس کے کام کے درمیان حائل ہو جا

۱۷ مسند ابی یعلیٰ رقم ۳۴۸۵ ص ۲۰۲ ج ۶

۱۹ ۱۸ جامع المسانید و السنن رقم ۱۰۹۵ ص ۴۳۳ ج ۵

۲۰ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا

الٰہی ہمیں اپنا فضل نصیب فرما اور اپنی روزی سے ہمیں

رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَا رَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ غِنَآئَنَا

محروم نہ رکھ اور ہمیں اس رزق میں برکت دے جو تو ہمیں دے، اور ہماری تونگری

فِيْ اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْ رَغْبَتَنَا فِيْمَا عِنْدَكَ

ہمارے دلوں میں کر دے، اور ہماری رغبت اس چیز میں کر دے جو تیرے پاس ہے

۲۱ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ خَلَّاقٌ عَظِيْمٌ اِنَّكَ سَمِيْعٌ

الٰہی بے شک تو ہی عظیم پیدا کرنے والا ہے بے شک تو سننے والا

عَلِيْمٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اِنَّكَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

اور جاننے والا ہے بے شک تو معاف کرنے والا مہربان ہے بے شک تو عرش عظیم کا رب ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ الْبَرُّ الْجَوَّادُ الْكَرِيْمُ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ

اے اللہ بے شک تو محسن وسخی وکریم ہے، مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما

وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاسْتُرْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ

اور مجھے عافیت دے اور رزق دے اور میری پردہ پوشی فرما اور میری شکستہ حالی دور کر اور مجھے رفعت دے

وَاهْدِنِيْ وَلَا تُضِلَّنِيْ وَاَدْخِلْنِيَ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ

اور مجھے ہدایت دے اور مجھے گمراہ نہ کر اور مجھے جنت میں اپنی رحمت سے داخل فرما

۲۰ کنز العمال رقم ۳۸۰۱ ص ۲۱۰ ج ۲

۲۱ دنیا و آخرت کی خیریں اس دعا میں جمع ہیں کنز العمال رقم ۵۱۱۱ ص ۶۹۵ ج ۲

## یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اے ارحم الراحمین

۲۲ اِلَیْكَ رَبِّ فَحَبِّبْنِیْ وَفِیْ نَفْسِیْ لَكَ رَبِّ فَذَلِّلْنِیْ وَفِیْ

اے پروردگار مجھے اپنا محبوب بنالے اور میرے دل میں اے میرے رب اپنی فرمانبرداری ڈال دے

اَعْیُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِیْ وَمِنْ سَیِّیءِ الْاَخْلَاقِ فَجَنِّبْنِیْ

اور مجھے لوگوں کی نظروں میں بڑا بنا اور مجھے برے اخلاق سے بچا

۲۳ اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ سَاَلْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا

الٰہی تو نے ہماری ذات سے ان اعمال کو طلب کیا ہے

مَا لَا نَمْلِكُهٗ اِلَّا بِكَ فَاَعْطِنَا مِنْهَا مَا یُرْضِیْكَ عَنَّا

جن پر تیری توفیق کے بغیر ہمارا اختیار نہیں، پس ہمیں وہ عمل دے جو تجھے ہم سے راضی کردے

۲۴ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا دَآئِمًا

الٰہی میں تجھ سے ہمیشہ رہنے والا ایمان مانگتا ہوں

وَّاَسْئَلُكَ قَلْبًا خَاشِعًا وَّاَسْئَلُكَ یَقِیْنًا صَادِقًا

اور تجھ سے خشوع والا دل مانگتا ہوں، اور تجھ سے سچا یقین مانگتا ہوں

وَّاَسْئَلُكَ دِیْنًا قَیِّمًا وَّاَسْئَلُكَ الْعَافِیَةَ مِنْ كُلِّ

اور تجھ سے ٹھیک دین مانگتا ہوں اور تجھ سے ہر بلا سے عافیت

۲۲ كنز العمال رقم ۵۰۸۷ ص ۶۸۸ ج ۲ ۲۳ الجامع الصغیر رقم ۱۴۵۹ ص ۸۹

۲۴ گناہوں سے معافی، جنت اس دعا کے مانگنے والے کے لئے مشتاق ہوگی، فرشتے استغفار کریں گے اور فرشتہ پکارے گا اے اللہ کے دوست جنت کے جس دروازے سے داخل ہونا چاہے داخل ہوجا كنز العمال رقم ۵۰۵۵ ص ۶۷۸ ج ۲

بَلِيَّةٍ وَّ اَسْئَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ وَ اَسْئَلُكَ الشُّكْرَ

مانگتا ہوں، اور تجھ سے عافیت کا ہمیشہ رہنا مانگتا ہوں، اور تجھ سے عافیت پر

عَلَى الْعَافِيَةِ وَ اَسْئَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ

شکر گزاری مانگتا ہوں، اور تجھ سے لوگوں سے بے نیازی مانگتا ہوں

۲۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ بَطَرِ الْغِنٰى

الٰہی میں تونگری کے تکبر اور افلاس کی مذلت سے تیری پناہ مانگتا ہوں

وَمَذَلَّةِ الْفَقْرِ يَامَنْ وَّعَدَ فَوَفٰى وَ اَوْعَدَ فَعَفَا اِغْفِرْ

اے وہ ذات کہ جس نے وعدہ فرمایا تو پورا کیا اور دھمکایا تو در گزر کیا بخش دے اسے

لِمَنْ ظَلَمَ وَ اَسَآءَ يَامَنْ يَّسُرُّهٗ طَاعَتِىْ وَلَا تَضُرُّهٗ

جس نے زیادتی کی اور برا کیا اے وہ ذات جسے میری طاعت خوش کرتی ہے اور میری معصیت نقصان

مَعْصِيَتِىْ هَبْ لِىْ مَا يَسُرُّكَ وَاغْفِرْلِىْ مَا لَا يَضُرُّكَ

نہیں پہنچاتی مجھے وہ نصیب فرما جو تجھے خوش کرے اور جو تجھے نقصان نہیں پہنچا سکتی اسے بخش دے

۲۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّكِّ فِى الْحَقِّ

الٰہی میں حق بات میں یقین حاصل ہونے کے بعد شک پیدا ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں

بَعْدَ الْيَقِيْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

اور شیطان مردود سے تیری پناہ مانگتا ہوں

۲۵ الفردوس بماثور الخطاب رقم ۱۸۷۱ ص ۴۶۰ ج ۱

۲۶ کنز العمال رقم ۳۸۱۷ ص ۲۱۳ ج ۲

وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ يَوْمِ الدِّيْنِ

اور روز جزا کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں

۲۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ

الٰہی میں تجھ سے اس گناہ کی معافی چاہتا ہوں جس میں توبہ کرنے کے بعد

ثُمَّ عُدْتُّ فِيْهِ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا اَعْطَيْتُكَ مِنْ

پھر میں داخل ہو گیا اور تجھ سے اس وعدہ کی معافی چاہتا ہوں جس کا میں نے تجھ سے اقرار کیا

نَّفْسِيْ ثُمَّ لَمْ اُوْفِ لَكَ بِهٖ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ

پھر اسے پورا نہ کیا اور تجھ سے ان انعامات کے متعلق معافی چاہتا ہوں جن سے

الَّتِيْ تَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ

میں نے تیری معصیت پر قوت حاصل کی، اور تجھ سے ہر اس نیکی کے متعلق معافی چاہتا ہوں

خَيْرٍ اَرَدْتُّ بِهٖ وَجْهَكَ فَخَالَطَنِيْ فِيْهِ مَا لَيْسَ لَكَ

جس میں میری نیت خالص تیری رضا تھی لیکن اس میں وہ وہ شے مل گئی جو تیرے لئے نہ تھی یعنی ریاکاری

اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِيْ فَاِنَّكَ بِيْ عَالِمٌ وَّلَا تُعَذِّبْنِيْ

الٰہی مجھے رسوا نہ کرنا کہ تو میرے (ضعف) سے آگاہ ہے اور مجھے عذاب نہ دینا

فَاِنَّكَ عَلَيَّ قَادِرٌ

کہ بے شک تو مجھ پر (ہر طرح) قادر ہے

۲۷ حضرت خضر علیہ السلام کا استغفار کنز العمال رقم ۵۱۲۶ ص ۷۰۰ ج ۲

۲۸ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تَوَكَّلَ عَلَیْكَ فَكَفَیْتَهٗ

الٰہی مجھے ان لوگوں میں سے بنا جنہوں نے تجھ پر توکل کیا تو تو ان کے لئے کافی ہو گیا

وَاسْتَهْدَاكَ فَهَدَیْتَهٗ وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهٗ

اور تجھ سے ہدایت مانگی تو تو نے انہیں ہدایت دی اور تجھ سے مدد مانگی تو تو نے ان کی مدد فرمائی

۲۹ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْیَتَكَ

الٰہی میرے دل کے خیالات کو اپنا خوف اور اپنی یاد بنا دے

وَذِكْرَكَ وَاجْعَلْ هِمَّتِیْ وَهَوَایَ فِیْمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی

اور میری ہمت اور خواہش کو ان اعمال میں لگا دے جو تجھے پسند ہوں اور تو ان سے راضی ہو

اَللّٰهُمَّ وَمَا ابْتَلَیْتَنِیْ بِهٖ مِنْ رَّخَاءٍ وَّشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِیْ

اے اللہ نرمی اور سختی جس کے ذریعے بھی تو نے میرا امتحان لیا ہو تو

بِسُنَّةِ الْحَقِّ وَشَرِیْعَةِ الْاِسْلَامِ

اس میں مجھے صحیح طریقے اور شریعت اسلام پر قائم رکھ

۳۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فِی

الٰہی میں تجھ سے تمام چیزوں میں کمال نعمت

الْاَشْیَاءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ لَكَ عَلَیْهَا حَتّٰی تَرْضٰی

اور ان پر تیرا شکر مانگتا ہوں، یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے

۲۸ کنز العمال رقم ۵۰۱۰۶ ص ۶۹۳ ج ۲

۲۹ الفردوس بماثور الخطاب رقم ۱۹۳۰ ص ۴۷۴ ج ۱

۳۰ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی دعا کنز العمال رقم ۵۰۳۴ ص ۶۷۳ ج ۲

وَبَعْدَ الرِّضَا الْخِيَرَةَ فِي جَمِيعِ مَا يَكُونُ فِيهِ

اور راضی ہوجانے کے بعد انتخاب فرمانا ان سب چیزوں میں

الْخِيَرَةُ وَبِجَمِيعِ مَيْسُورِ الْأُمُورِ كُلِّهَا

جن میں انتخاب ہوتا ہے اور پسند فرمانا تمام آسان کاموں کا

لَا بِمَعْسُورِهَا يَا كَرِيمُ

نہ ان کاموں کا جو دشوار ہوں اے کریم

۳۱ اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْإِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّيْلِ

اے اللہ صبح کو پھاڑ کر نکالنے والے اور رات کو

سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا اقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ

آرام کا وقت بنانے والے اور سورج و چاند کو حساب سے چلانے والے، مجھ سے قرض ادا کردے

وَأَغْنِنِي مِنَ الْفَقْرِ وَقَوِّنِي عَلَى الْجِهَادِ فِي سَبِيلِكَ

اور مجھے احتیاج سے غنی کردے اور مجھے اپنی راہ میں لڑنے کی قوت بخش

۳۲ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِي بَلَائِكَ وَصَنِيعِكَ

الٰہی تیرا شکر ہے تیری آزمائش اور تیرے برتاؤ میں جو اپنی مخلوق کے ساتھ کرے

إِلَى خَلْقِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ فِي بَلَائِكَ وَصَنِيعِكَ إِلَى

اور تیرا شکر ہے تیری آزمائش اور تیرے برتاؤ میں جو تو ہمارے گھر والوں کے ساتھ کرے

۳۱ مصنف ابن ابی شیبۃ رقم ۲۹۸۰۳ ص ۱۰۱ ج ۱۵

۳۲ اہل قباء کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کنز العمال رقم ۵۱۰۰ ص ۶۹۲ ج ۲

اَهْلِ بُيُوْتِنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَ صَنِيْعِكَ

اور تیرا ہی شکر ہے تیری آزمائش اور تیرے برتاؤ میں جو تو خاص

اِلٰى اَنْفُسِنَا خَاصَّةً وَّلَكَ الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا

ہماری جانوں کے ساتھ کرے اور تیرا شکر ہے اس پر کہ تو نے ہمیں ہدایت دی

وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا اَكْرَمْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا سَتَرْتَنَا

اور تیرا شکر ہے اس پر کہ تو نے ہمیں عزت بخشی اور تیرا شکر ہے اس پر کہ تو نے ہماری پردہ پوشی فرمائی

وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْاَهْلِ وَالْمَالِ

اور تیرا شکر ہے قرآن عطا فرمانے پر اور تیرا شکر ہے اہل و مال دینے پر

وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْمُعَافَاةِ وَلَكَ الْحَمْدُ حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ

اور تیرا شکر ہے عافیت عطا فرمانے پر اور تیرا شکر ہے یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے

الْحَمْدُ اِذَا رَضِيْتَ يَا اَهْلَ التَّقْوٰى وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ

اور اس پر بھی تیرا شکر ہے جب تو راضی ہو جائے اے خوف اور مغفرت کے شایان شان

۳۳ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِيْ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰى مِنَ

الٰہی مجھے ہر اس بات کی توفیق بخش جو تجھے محبوب ہو اور جس سے تو راضی ہو جائے

الْقَوْلِ وَ الْعَمَلِ وَ الْفِعْلِ وَ النِّيَّةِ وَ الْهُدٰى

یعنی اس قول کی اور اس عمل کی اور اس فعل کی اور اس نیت کی اور اس ہدایت کی

۳۳ کنز العمال رقم ۴۹۷۳ ص ۲۰۹ ج ۲

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے

۳۴ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ

اے اللہ سات آسمانوں اور عظمت والے عرش کے رب

الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ كُلَّ مُهِمٍّ مِّنْ

اے اللہ ہر مشکل میں میرے لئے کافی ہو جا

حَیْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَیْنَ شِئْتَ

جس طرح بھی تو چاہے اور جہاں سے بھی تو چاہے

۳۵ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِدِیْنِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَا

میرے لئے اللہ کافی ہے میرے دین کے لئے، میرے لئے اللہ کافی ہے

اَهَمَّنِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَیَّ حَسْبِیَ اللّٰهُ

اس کے لئے جو مجھ کو فکر میں مبتلا کرے، میرے لئے اللہ کافی ہے اس کے لئے جو مجھ پر زیادتی کرے

لِمَنْ حَسَدَنِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِیْ بِسُوْءٍ

میرے لئے اللہ کافی ہے اس کے لئے جو مجھ سے حسد رکھے، میرے لئے اللہ کافی ہے اس کے لئے

حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْاَلَةِ

جو میرے ساتھ بری چال بازی کرے، میرے لئے اللہ کافی ہے موت کے وقت، میرے لئے

۳۴ اس دعا کے مانگنے والے سے اللہ رنج و غم کو دور فرماتے ہیں کنز العمال رقم ۳۴۴۳ ص ۱۲۲ ج ۲

۳۵ ان دس کلمات کو نماز فجر کے بعد پڑھنے والے کے لئے اللہ کافی ہو جاتے ہیں اور اس کا بدلہ عطا فرماتے ہیں کنز العمال رقم ۳۵۵۸ ص ۱۵۵ ج ۲

فِي الْقَبْرِ حَسْبِيَ اللهُ عِنْدَ الْمِيزَانِ

اللہ کافی ہے قبر میں سوال کے وقت، میرے لئے اللہ کافی ہے وزن اعمال کے وقت

حَسْبِيَ اللهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِيَ اللهُ لَآ اِلٰهَ

میرے لئے اللہ کافی ہے پل صراط (پر چلنے) کے وقت، میرے لئے اللہ کافی ہے جس کے سوا

اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

کوئی معبود نہیں اسی پر میرا بھروسہ ہے اور وہ عرش عظیم کا رب ہے

٣٦ اَللّٰهُمَّ حَبِّبِ الْمَوْتَ اِلٰى مَنْ يَّعْلَمُ

اے اللہ موت کو ہر اس شخص کے نزدیک محبوب بنا دے

اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُولُكَ

جسے یقین ہو کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تیرے رسول ہیں

٣٧ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ رَبٌّ عَظِيمٌ لَا يَسَعُكَ شَيْءٌ

اے اللہ تو عظمت والا رب ہے، کوئی چیز بھی تیری پیدا کردہ چیزوں میں سے کوئی چیز

مِمَّا خَلَقْتَ وَاَنْتَ تَرٰى وَلَا تُرٰى وَاَنْتَ بِالْمَنْظَرِ

تجھے سما نہیں سکتی اور تو (سب کو) دیکھتا ہے اور تجھے دیکھا نہیں جا سکتا اور تو بلند ترین منظر

الْاَعْلٰى وَاَنَّ لَكَ الْاٰخِرَةَ وَالْاُولٰى وَلَكَ الْمَمَاتُ

پر ہے اور آخرت اور دنیا تیرے ہی لئے ہے اور موت اور حیات

٣٦ الجامع الصغير رقم ١٤٧٤ ص ٩٠ ٣٧ كنز العمال رقم ٣٧٨٢ ص ٢٠٧ ج ٢

وَالْمَحْيَا وَاِلَيْكَ الْمُنْتَهٰى وَالرُّجْعٰى نَعُوْذُبِكَ

تیرے ہی قبضہ میں ہے اور انتہا اور واپسی تیری ہی طرف ہے

اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى

ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ ذلیل اور رسوا ہوں

۳۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ ثَوَابَ الشَّاكِرِيْنَ

الٰہی میں تجھ سے شکر گزاروں کے جیسا ثواب

وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَمُرَافَقَةَ النَّبِيِّيْنَ وَيَقِيْنَ

اور اہل قرب کے جیسی ضیافت اور انبیاء علیہم السلام کی ہم رکابی

الصِّدِّيْقِيْنَ وَذِلَّةَ الْمُتَّقِيْنَ وَاِخْبَاتَ الْمُوْقِنِيْنَ

اور صدیقین کے جیسا یقین اور پرہیز گاروں کے جیسی تواضع اور اہل یقین کے جیسا انکسار

حَتّٰى تَوَفَّانِىْ عَلٰى ذٰلِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

مانگتا ہوں، یہاں تک کہ مجھے اسی پر وفات دے اے ارحم الراحمین

۳۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ بِنِعْمَتِكَ السَّابِقَةِ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں بطفیل تیری ان گزشتہ نعمتوں کے جو مجھ پر ہوئیں

عَلَىَّ وَبَلَآئِكَ الْحَسَنِ الَّذِى ابْتَلَيْتَنِىْ بِهٖ

اور تیری بہتر آزمائش کے بطفیل جس سے تو نے مجھے آزمایا

۳۸ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملتزم پر دعا کنز العمال رقم ۴۹۴۵ ص ۶۳۱ ج ۲

۳۹ کنز العمال رقم ۳۷۸۴ ص ۲۰۷ ج ۲

وَ فَضْلِكَ الَّذِيْ فَضَّلْتَ عَلَيَّ اَنْ تُدْخِلَنِيَ الْجَنَّةَ

اور تیرے اس فضل کے طفیل جو مجھ پر فرمایا، یہ کہ مجھے جنت میں

بِمَنِّكَ وَ فَضْلِكَ وَ رَحْمَتِكَ

اپنے احسان اور اپنے فضل اور اپنی رحمت سے داخل فرمانا

۴۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں بحرمت تیری کریم ذات

وَاَمْرِكَ الْعَظِيْمِ اَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنَ النَّارِ وَالْكُفْرِ وَالْفَقْرِ

اور تیرے باعظمت امر کے یہ کہ مجھے آگ اور کفر اور تنگدستی سے بچا لینا

۴۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْفُجَآءَةِ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں ناگہانی موت سے

وَ مِنْ لَّدْغَةِ الْحَيَّةِ وَ مِنَ السَّبُعِ وَ مِنَ الْغَرَقِ

اور سانپ کے کاٹنے سے اور درندوں (کے پھاڑنے) اور ڈوب کر مرنے سے

وَ مِنَ الْحَرَقِ وَ مِنْ اَنْ اَخِرَّ عَلٰى شَيْءٍ وَّ مِنَ الْقَتْلِ

اور جل کر مرنے سے اور اور اس سے کہ کسی چیز پر گر پڑوں

عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ

اور لشکر کے بھاگنے کے وقت مارے جانے سے

۴۰ کنز العمال رقم ۳۷۸۵ ص ۲۰۷ ج ۲ ۴۱ کنز العمال رقم ۳۷۸۶ ص ۲۰۷ ج ۲

۴۲ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ اِیۡمَانًا دَآئِمًا

الٰہی میں تجھ سے ہمیشہ رہنے والا ایمان

وَّ هُدًی قَیِّمًا وَّ عِلْمًا نَافِعًا

اور ٹھیک ٹھیک ہدایت اور نفع دینے والا علم مانگتا ہوں

۴۳ اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْ لِفَاجِرٍ عِنْدِیۡ نِعْمَةً

اے اللہ میرے ذمہ کسی نافرمان کا ایسا احسان نہ کر دینا

اُكَافِیۡهِ بِهَا فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ

جس کا مجھے دنیا اور آخرت میں بدلا دینا پڑے

۴۴ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیۡ ذَنْبِیۡ وَوَسِّعْ لِیۡ خُلُقِیۡ

الٰہی میرے گناہ بخش دے اور میرے اخلاق وسیع فرما

وَ طَیِّبْ لِیۡ كَسْبِیۡ وَ قَنِّعْنِیۡ بِمَا رَزَقْتَنِیۡ

اور میری کمائی پاک صاف کر اور جو رزق مجھے عطا فرمائے اس پر مجھے قانع بنا

وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِیۡ اِلٰی شَیۡءٍ صَرَّفْتَهٗ عَنِّیۡ

اور میری طلب اس چیز کی طرف نہ لے جا جسے تو نے مجھ سے ہٹا لیا ہو

۴۵ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے

۴۲ کنز العمال رقم ۳۷۸۹ ص ۲۰۸ ج ۲ ۴۳ کنز العمال رقم ۳۸۱۰ ص ۲۱۱ ج ۲ ۴۴ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تمہیں پانچ ہزار بکریاں دوں یا پانچ کلمات سکھا دوں جن سے تمہارا دین و دنیا دونوں ٹھیک ہو جائیں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عرض کرنے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کلمات سکھائے کنز العمال رقم ۵۰۶۱ ص ۲۸۲ ج ۲

۴۵ یہ دعا دعاء انس کے نام سے مشہور ہے کنز العمال رقم ۳۸۵۰ ص ۲۲۱ ج ۲

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِىْ وَدِيْنِىْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى اَهْلِىْ

اپنی جان اور اپنے دین پر اللہ کے نام کی برکت چاہتا ہوں، اپنے اہل وعیال اور اپنے مال

وَمَالِىْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ اَعْطَانِىْ رَبِّىْ بِسْمِ اللّٰهِ

پر اللہ کے نام کی برکت چاہتا ہوں، اللہ کے نام کی برکت چاہتا ہوں ہر اس چیز پر جو میرے رب نے

خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ

مجھے عطا فرمائی، اللہ کے نام کے ساتھ جو سب ناموں میں بہترین ہے، اللہ کے نام کے ساتھ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ دَآءٌ بِسْمِ اللّٰهِ

جو آسمان وزمین کا رب ہے، اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کے ساتھ کوئی بیماری ضرر نہیں پہنچا سکتی

افْتَتَحْتُ وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّىْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ

اللہ کے نام کے ساتھ میں نے شروع کیا اور اللہ ہی پر بھروسہ کیا اللہ ہی اللہ میرا پروردگار ہے

اَحَدًا اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِخَيْرِكَ مِنْ خَيْرِكَ الَّذِىْ

میں کسی کو بھی اس کا شریک نہیں سمجھتا، میں تجھ سے مانگتا ہوں اے اللہ بحرمت تیرے انعام کے

لَا يُعْطِيْهِ غَيْرُكَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآءُكَ

تیری وہ عطا جسے کوئی دوسرا نہیں دے سکتا تیرا پناہ دیا ہوا بڑا زورآور ہے اور تیری حمد وثنا

وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اجْعَلْنِىْ فِىْ عِيَاذِكَ وَجِوَارِكَ

بڑی شاندار ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں مجھے ہر برائی سے

مِنْ كُلِّ سُوْءٍ وَّمِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

اور شیطان مردود سے اپنی پناہ اور اپنی حمایت میں لے لے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَجِیْرُكَ مِنْ جَمِیْعِ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْتَ

الٰہی میں ہر اس چیز سے تیری امان چاہتا ہوں جسے تو نے پیدا فرمایا

وَ اَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُنَّ وَ اُقَدِّمُ بَیْنَ یَدَیَّ

اور ان سب سے تیری حفاظت میں آتا ہوں، اور اپنے سامنے رکھتا ہوں (یہ سورۃ اخلاص)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ ○

کہو کہ وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ وہ کسی کا والد ہے

وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

نہ وہ کسی کا مولود ہے اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر ہے

مِنْ اَمَامِیْ وَ مِنْ خَلْفِیْ وَ عَنْ یَّمِیْنِیْ وَ عَنْ شِمَالِیْ

بس یہی کہتا ہوں اپنے آگے اور اپنے پیچھے اور اپنے دائیں اور اپنے بائیں

وَ مِنْ فَوْقِیْ وَ مِنْ تَحْتِیْ

اور اپنے اوپر اور اپنے نیچے

خَلَقْتَ رَبَّنَا فَسَوَّیْتَ وَ قَدَّرْتَ رَبَّنَا ۴٦

اے ہمارے رب تو نے کمال پر پیدا فرمایا، اے ہمارے رب تو نے تقدیر بنائی

۴٦ کنز العمال رقم ۳۸۵۵ ص ۲۲۳ ج ۲

فَقَضَيْتَ وَعَلٰى عَرْشِكَ اسْتَوَيْتَ وَاَمَتَّ فَاَحْيَيْتَ

پھر اس کے مطابق فیصلہ فرمایا، اور اپنے تخت پر متمکن ہوا اور تو نے موت دی پھر تو نے ہی زندہ کر دیا

وَاَطْعَمْتَ فَاَشْبَعْتَ وَاَسْقَيْتَ فَاَرْوَيْتَ وَحَمَلْتَ

اور تو نے کھلایا تو شکم سیر کر دیا اور پلایا تو سیراب کر دیا اور سوار کیا اپنے بر و بحر میں

فِيْ بَرِّكَ وَبَحْرِكَ عَلٰى فُلْكِكَ وَعَلٰى دَوَآبِّكَ وَعَلٰى

اپنی کشتیوں پر اور اپنے چوپاؤں پر اور اپنے مویشیوں پر

اَنْعَامِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ وَلِيْجَةً وَّاجْعَلْ لِّيْ

تو اب مجھے اپنے دربار میں بھیدی بنالے اور میرے لئے

عِنْدَكَ زُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ وَّاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّخَافُ

اپنے نزدیک تقرب اور اچھی واپسی مقرر فرما اور مجھے ان میں سے بنا

مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ وَيَرْجُوْا لِقَآئَكَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ

جو تیرے حضور پیشی سے اور تیری وعید سے ڈرتے ہیں اور تجھ سے ملنے کی امید رکھتے ہیں

يَّتُوْبُ اِلَيْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَاَسْئَلُكَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

اور مجھے ان میں سے بنا جو تیرے حضور سچی توبہ کرتے ہیں، اور میں تجھ سے عمل مقبول

وَّعِلْمًا نَجِيْحًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ

اور صحیح علم اور قابل قدر سعی اور وہ ایسی تجارت مانگتا ہوں جس میں نقصان نہ ہو

۴۷ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُشْھِدُكَ بِمَا شَھِدْتَّ بِهٖ

الٰہی میں تجھے گواہ بناتا ہوں اس بات کا جس کی خود تو نے اپنی ذات پر شہادت دی ہے

عَلٰی نَفْسِكَ وَ شَھِدَتْ بِهٖ مَلٰٓئِكَتُكَ وَ اَنْبِيَآءُكَ

اور تیرے فرشتوں اور تیرے انبیاء علیہم السلام

وَ اُولُوا الْعِلْمِ وَ مَنْ لَّمْ يَشْھَدْ بِمَا شَھِدْتَّ بِهٖ

اور اہل علم نے شہادت دی ہے اور جس نے اس کی شہادت نہیں دی جس کی تو نے شہادت دی ہے

فَاكْتُبْ شَھَادَتِیْ مَكَانَ شَھَادَتِهٖ اَنْتَ السَّلَامُ

تو تو میری شہادت اس کی شہادت کی جگہ لکھ لے، تیرا نام سلام ہے

وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے تو بابرکت ہے اے جلال واکرام والے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فِكَاكَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ

الٰہی میں تجھ سے اپنی گردن کا دوزخ سے چھٹکارا مانگتا ہوں

۴۸ اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ

اے اللہ موت کی سختیوں

وَ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ

اور موت کی بے ہوشیوں پر میری مدد فرما

۴۷ نماز کے بعد کی دعا کنز العمال رقم ۴۹۲۶ ص ۶۴۱ ج ۲

۴۸ ترمذی رقم ۹۷۸ ص ۱۷۷

۴۹ وَاٰخِرُ دُعَائِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور آپ صلی اللہ علیہ سلم کی آخری دعا تھی

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق اعلیٰ سے ملا

۵۰ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

تیرا عزت والا رب پاک ہے ان تمام عیبوں سے جو کافر بیان کرتے ہیں

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اور سلام ہے پیغمبروں پر اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے

۴۹ بخاری رقم ۵۳۵۰ ص ۲۱۴۷

۵۰ الصافات ۱۸۲-۱۸۰

# پانچویں منزل بروز جمعہ

خَاتِمَةٌ فِيْ اَلْفَاظِ الصَّلٰوةِ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى

یہ خاتمہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف کے الفاظ پر مشتمل ہے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَفْضَلُهَا مَا وَرَدَ عَقِيْبَ التَّشَهُّدِ

ان سب میں افضل درود وہ ہے جو نماز میں تشہد کے بعد پڑھا جاتا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

الٰہی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

جیسی رحمت تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بے شک تو حمد و بزرگی کا مستحق ہے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

الٰہی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر برکت نازل فرما

۱ بخاری رقم ۳۱۹۰ ص ۱۲۳۳

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ

جیسی برکتیں تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بے شک تو حمد و بزرگی کا مستحق ہے

۲ اَللّٰهُمَّ وَ تَرَحَّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى

اور اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحم فرما

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

جیسا تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر رحم فرمایا تھا

وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بے شک تو حمد و بزرگی کا مستحق ہے

اَللّٰهُمَّ وَ تَحَنَّنْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ

اور اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر شفقت فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى

جیسی شفقت تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر فرمائی تھی

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بے شک تو حمد و بزرگی کا مستحق ہے

۲ كنز العمال رقم ۳۹۹۱ ص ۲۷۲ ج ۲، القول البديع ص ۱۰۷

اَللّٰھُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ کَمَا سَلَّمْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

جیسا سلام تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمایا تھا

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

بے شک تو حمد و بزرگی کا مستحق ہے

۳ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی امی پر

الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِهٖ

